# شلانک



میر گل خان نصیر

# شنبلاک

میر گل خان نصیر

بلوچی اکیڈمی کوئٹہ

مطبوعہ نمبر ۱۴۸

جملہ حقوق بحق بلوچی اکیڈمی کوئٹہ محفوظ ہیں۔

اس کتاب کو بلوچی اکیڈمی کوئٹہ کی اجازت کے بغیر فروخت کرنے یا جس طرح کہ یہ اس صورت میں شائع ہوئی ہے شائع کرنے یا اس میں تبدل و تصرف کی اجازت نہیں ہوگی

طبع اول ۱۹۹۶ء

قیمت ۱۸۰ روپے

پرنٹر بلال مسلم پریس کوئٹہ

# واب ءِ دیتگاں

دروشی من واب ءُ دیتگاں
لاڈانی جاہیں دُرّک ءَ
گرّمو ءِ سئولیں پُلّنگ ءَ
توتی زبانیں شاعر ءَ !
اُوشتاتہ من درچُکّے بُن ءَ ،
درچُکّے چو چتری سایگے
شاحی من چاریں قبلگان
شبّاں سرءَ ایر داتگیں
چوڑ من ڈگھار ءَ دپ جتیں
برزی من عرش ءِ کُنگُران
چیرءَ سیاھلپے بہیت

سیاھاپے شہار و ثَسکّلین
نشتینجَے تَخت ءِ سرءَ
فرش ئَت گوں بوپاں بَگھملین
بَرزی چو پُھلّ ءَ رایرآئنث
رِیر دُروشُم و ماہیں بکجَے
ماھین ! چو ماہ ءَ چارَدھی
بِیک چو سیاھیں گُمبرءِ
زُلپ چو سیاھمار ءَ لَڑین
اَبُرو بلوچیگیں کَٹار

پوزر چو اَلِپ شَرّ زیبدار
چو آھُل ءَ چَمّ کجّلیں
دَپ ، چو کِہ پُھلّ ءِ گُنگ ءَ
صُحبی چہ وَشش گُشیں نَسین

پنچ بیت گلیں پرشکھنڈگ ءَ
لنٹ اپچ گل ءِ پن ءَ تنکت
دنتان چو دُرّ ءِ دانگ ءَ
گردن چو ھنچ ءَ شونزسرین
لنگک چو رشتن ءِ چوچک ءَ
مان پوشتہت چینی حریر
من ھلوان شذر منیر
تخت ءِ سرءَ ، جیرِ ھذین
دُردانگ و شاھی تبین
پہ ناز و داب و ریکھی
ایر تکگت دُرّ ِ نگین
" جام دُرّک ءِ ارواح وگین"
شیرے پہ وشیں نزیملے
اپچ دُرّک ءِ دُریں بیان
گوشت دُرحدیثیں دُردپ ءَ

وَش وَش سلاماں عرض کُناں
وش آحتوں گوُشتگ دُزرک ءَ
جادُو بیانیں شاعرءَ
حالاں جہان ءِ پول کُتگ
حال و بلوچی پَخشَبَران
گوُشتاں ، جہان ویرانگِنت
سھور و تِلا اَش سوختگِنت
مردُم گوں زَرءَ تول بُنت
نئیءَ پہ حیا و زانگءَ
نئیءَ پہ دِیِّ علم و ھنر ،
اِے دُراہ بہائیگیں شئےءُ نت
زَردارِش پہ لَب ءَ گرنت
عِلم ءِ چراگھے سر کجا
دانا و زانوکیں سرے
عِلم ءَ بہاءَ پہ مَدَنت
آ ، چو کہ شام پنڈیں پکیر

یا ، چو کہ کاری بزگر ءَ
لوچ دِ شپادین شوانگ ءَ
پہ کُنگگ ءَ محتاج بیت
گرّ دیت وَ دُنتا ناں دُزرشیت
سرمایہ دارانی سرءَ
جونانی پوُشَنت پہ جو زراگ
پچو گُرک و پاگا ساں زری
واھُرو گھُرِیاں ءَ وَرنت
اَچ جون وھُڈارنش پہ وَت
تُنگہ تلاھاں پیچ کننت
بہشتہ شاعر دُربیان
پولوں گُشتگ اَچ حاکماں
گوُشتاں کہ" ، حاکِم مں جہان
سرمایہ دارنت جوں وَرِین
آدانی یا ظلمیں دَلال .

ٹائمینگ ءَ ںُنت رِپچ وشَپ
کارجایاں منْ جَنگی سِلاح
بالی گُھراب رِیر منزلین
چیرِ آپگی بُڈّھی وَروک
سئُوزیں زِرِ ءِ جَنگی گُھراب
میزِیل ءِ بمباں رِیر زدین
گوں اَیُٹمَ ءِ جنُوریں سِلاح
لوٹنت لُبُوچَنْت عالمَ ءَ
کُلّیں جہاں سرتاں سرءَ
مُلکاں دَیُنت پشکپتگیں
تُوپَک و توپاں پہ بہا
آزاتی ءِ جنُوریں بَدل
نیام ءَ دلالنت گمُبرِی
سرمایہ دارانی لُپُوس
اَرگ مُر و دَزّ ابگیں

میٹرینگ ءَ گوں یک دِگر
پہ رِیلگ ءَ گَٹ نہ بُنت
ظاہر پہ اُمن ءِ ہاطِر ءَ
باطِن وَتی لاپ سیرِی ءَ
پہ پَنٹ و ہامیں ہاصِلات
مان واتگنت آسے لَدان
مَن ایشیائی کلپَدان
سوچنت گھریب و بزگان
مزدور و دھکاناں یلین
وَت نِشتگ و عیشاں کننت
رُوم ءِ چو شاہ ءَ چاڑوین"
"بارین"! بگوشتہ شاعر ءَ
مُوجانی ہامیں دُرّک ءَ
" مَن اُشکِت و وَت دلیتگاں
ماہشے رَدان اَپچ گُل زمین

کایاں گِروکی پَلپَشان
بُرزا پہ عرشی گُنگُران !
اِنسان ، گوں عقل و زانگَ ءَ
چوشیں کمال ءِ واجگَنت
چوں بیت ، چو حیواناں لَدِءَ
دپ جَنْت وَلّی براوُندگان
جونانی تِنْگی چو شَراب
شہرانی سوچیت جُلگَہَیں
اَپرِ زانگ ءِ حَدّ ءَ دَرِشْت ؟
عرضوں گُتَگ من پہ اَدَب
بَہِیْل کن منی دراجیں جَبَر
ہر دیشکہ اِنسان ءِ دِل ءَ
جاگپتہ ذاتی حب مُدّاد
میرات و مُڈّی ؛ مال و زر
حرِث ءِ مَرَض گپتش پدا

صِل کرُت اِنسان شاطرین
لُٹّ وپُل ءَ عِلم و ہُنر
پہ وَرتہ وَرتہ ءَ نام ءُ رباس
تاں کِن چہ گھَٹیب بیتگ وَدی
مردے گچین و رہبرے
دانا و زانوکیں سَرے
مارکسءَ پہ نوکیں عالمءَ
پیگمبری کارے گتگ
پہ علم وہوش و زانگءَ
بندان گھُلامیءَ پرُوشت
بندان ، مزُور و بزّگءَ
بَگجَت و بزگرَ شوانگءَ
شون دات اِنسانءَ پدا
براتی و اَمن ءَ راہسرءَ
گوانکے بجَنگ پہ عالمءَ

مزدور و واھر و بزگان
دُنیا ءِ مزدوراں یلیں
یکجا دیکمُشت ءَ بیت
پہ بیرٹیانی پروشگ ءَ
سرمایہ داراں گوں ہڑءَ
مزدور بیچی با نہ دَنت
بید اَچ ولی دست ءِ گڑی
مُلکاں اُرُس ءِ مُملکت
مں لینن ءِ سرداری ءَ
شوں دا آتگیں راہ ءِ سرءَ
سرگیتہ پہ سَسّ و مُڑا
ٹاھینت بہشتے مں جہان
پاک چہ پُل و لُٹ ءِ عذاب
میر و اَمیرانی عتاب
شاہ و وزیرانی گھزب

مزدواریں ظُلم ءِ نوکران
نام آوریں ٹھگّ و لپُوس
دَلاّل و ڈنگال اِرچ درءَ
کاڈتنٹ چو بیلاں ہمدلین
استاد و تجاّر و حکیم
مُلاّ و زنڈیں پادری
سرمایہ دارانی دَلال
اللہ و عیسےٰ مں دپ ءَ
پُلّی و ٹھگّی مں دِل ءَ
درستاں چہ مُلک ءَ درکنگ
بُن روزگارش بستّگ ۔
پاکیں اُرُسّ ءِ سرزمین
واکھر و گھریبانی پناہ
دُنیا ءِ اَمن ءِ پاسبان
دِہکان و مزدُوراں یلین

مں لینن ءِ راہ ءِ سرءَ
دیما تچان اِنت پہ ھُنر
پہ علم و کار و زانگ ءَ
ماہے کہ شانتش برُشکہ دیان
مں آسمان ءِ پراھِیان
آرتش پہ چِہر و گردِش ءَ
گوڈ نیتگی کُلّیں جہان
بُن گپتگنت سرمایہ دار
اَچ کینگ و جوُریں حسد
ہرجا گُجّکی دَپ جَنَنت
آس گوں تِلاءَ مان دَیَنت
وشنت بسُوچنت عالمءَ
چوش پہ وَتی لُٹّ و نپ ءَ
برُشکھندِ تگ دُرتگ گُلین
دستی منی بَڈّ ءَ جنگ

گال آختگ و جُستوں گُستگ
اَپج قوم د اَج ماتی وطن
پچوں، پچوں گُنگ دُور ودزمان
مرداں گوں ڈلّ و زھجنین
گوئشتاں پہ ناکامیں دِلے
ارساں چہ چماں ایر بران
تِنگے چہ حوناپاں گِران
دوراں بلوچ دِ ھلیتگنت
ٹُلک ءَ پہ رب ءَ داتگنت
نیں نِشتگ و ارساں شلنت
رِیش و بروتاں بزنگین
کاراں، گوں گپّاں دربُرِشت
عقل و دِل رِھو میٹرینگ ءَ
توکّل پہ اُوشناگ ءِ نزبیت
سھوزیں مش گو رُمانی تہ ءَ

کائُنت مں مردانی رہ ءَ"

"ہیٹل کن" بگو ٹُشک ءُ دُرّک ءَ

شیئرو زبان ءِ واجگ ءَ

ءِ سگے آگاں چاھشت ءُ گپیت

قرن و دراجیں مُدّتے

آپ ءِ شلاں حیرت نہ بیت

ہمچوش بلوچ دردانگین

دوُر و زمان ءِ پیہنان

لگّہار و دھنزیں نہ بیت

چو سھورو آلماسی مسال

زنگین چہ نمبیاں نہ بیت

آلماسنت پہ لاپ ءَ گُشتیت

زاناں کہ وَرنا سنگرین

روچے چہ لوگاں درکپنت

بُنڈنت رندی پھلوان

گوں سرمچاریں سنگتان

شرتاں گوں ھیسی چڑثواں

پہ حقاں اُرتیگیں جنت

سوب ءَ رامسک وعنبریں

گنّت پہ وشنایں وطنءَ"

واب ءَ چہ ٹبت بتیگ من ءَ

نمے جام فتنے ماھیں گنجانت

جیل ءِ سیاھیں کوٹھوانت

بیلان ءَ گیتارے پرنت

قلی کیمپ کوئٹہ

۴/ اگست ۹۵۶

# خواب میں دیکھا

مَیں نے کل رات خواب میں دیکھا
مَن چلے اَپنے جام دُرّک کو
کَرَ مُو کے عظیم بیٹے کو
نغز گو، خوش مقال شاعر کو
ایستادہ درخت کے نیچے
سائبانِ عظیم کے نیچے
جس کی گمبھیر اور گھنی شاخیں
چار سُو پھیلتی ہوئی شاخیں
ایک آزاد زندگی کی امیں
مست و سرشار، جھُومتی ہوئیں
سربلند اِس قدر کہ سر اُس کا

عرش کے کنگروں کو چھوتا تھا
اور نیچے تھی ایک جوئے رواں
شکر و شہد کی طرح شیریں
متّصل ایک تختِ پُر تمکین
مخملیں نرم فرش پر جس کے
متمکّن تھی حورِ پیکر ایک
یا کہ اترا تھا چودھویں کا چاند
ایک رعنائیِ مجسّم نے
پھونک رکھا تھا چار سُو افسوں
کالی کالی گھٹائیں گیسو کی
زلفیں بل کھائے ناگوں جیسی
اور بیوچی کٹار تھے ابرو
ناک ستواں الف کی رعنائی
ہرنی جیسی کجلیں آنکھیں
دھنِ تنگ ، نو شگفتہ کلی

جو نسیمِ سحر کے جھونکوں سے
لہلہاتی ہو، مسکراتی ہو
ھونٹ تھے برگِ گل سے نازک تر
اور دندان رشکِ مروارید
بطِ مینا صراحیٔ گردن
انگلیاں سِتنبُرا کی کونپلوں کی طرح
تھا لباسِ حریر خلۂ خُلد
جس کی ہر آن تھی بہشتِ نظر
حُلۂ خُلد میں رُخِ انور
گوہرِ تابدار تھا گویا
بے نیازانہ ناز کا جادُو
غمزہ و عشوہ کا مدُھر سنگیت
متناسب گداز جسم لئے
شانِ محبوبیت سے جلوہ گر

سلہ ایک خاردار جنگلی جھاڑی

مرکزِ عشق جام دُرک نے
دِل نشیں نظم چھیڑ رکھی تھی
نغز گو، خوش مقال دُرک کی
شعر، سحرِ حلال تھے گویا
راگ جادُو جگائے دیتا تھا
مَیں نے آہستہ سے سلام کیا
اور، جادُو بیان دُرک نے
کی پذیرائی میری، پھر مجھ سے
پُوچھے حالات ساری دُنیا کے
جیسے احوال پُوچھتے ہیں بلوچ
دل بھر آیا تو مَیں نے عرض کیا
اَے مرے شاعرِ گراں مایہ
حال دُنیا کا گُفتنی تو نہیں
جتنی قدریں تھیں سب ہُوئیں تلپٹ
ھوسِ زر نے کر دیا اندھا

زر ہے میزان اور پیمانہ
اب تو اِنساں کو تولنے کے لئے
آدمیت کو ناپنے کے لئے
اب نہ توقیرِ علم و دانش ہے
اَب ہنر کی نہ کوئی پرسش ہے
جنسِ بازار بن کے رہتے ہیں
اہلِ زر کے مطیع ہوتے ہیں
کوئی عالم ہو یا کہ دانش وَر
علم کو بیچنے پہ ہے مجبور
علم جو بیچتا نہیں اَپنا
بن کے رہتا ہے وہ سدا مقہور
کھیت مزدور کی طرح بدحال
جیسے بدحال کوئی چرواہا
نیم عریاں ، برہنہ پا ، بیکس
اور نانِ شبینہ کو محتاج

اَپنا خونِ جگر ہی پیتا ہے
اور دِل ہی میں طیش کھاتا ہے
اہلِ زر، صاحبانِ ثروَت پر
جو ہیں جونکیں، سماج کی جونکیں
خُون محنت کشوں کا پیتے ہیں
بھیڑیے ہیں، نہنگ و اژدر ہیں
خوار و بے آسرا غریبوں کو
سرِ بازار کھائے جاتے ہیں
ہڈّیوں اور خُون سے اُن کے
مال و دولت سمیٹ لیتے ہیں
شاعرِ نغز گو نے جب یہ سنا
ہو کے حیران، دم بخود سا ہوا
بعد وَقفے کے مجھ سے پھر پُوچھا
حکمرانانِ وقت کی بابت
مَیں گلُو گیر ہو کے کہنے لگا۔

حاکمانِ جہاں کی کیا کہیئے
وہ ہیں سرمایہ دار خون آشام
اُن کے دَلاّل، ظلم کے پُتلے
رات دِن جن کے کارخانوں میں
ڈھلتے رہتے ہیں آتشیں ہتھیار
برق آسا مہیب طیّارے
آبدوزیں نہنگ کی مانند
ہر سمندر میں گشت کرنے کو
حشر ساماں عظیم میزائیل
دُور تک جن کی مار ہوتی ہے
حشر بردوش ایٹمی ہتھیار
جن سے وہ جب بھی چاہیں عالم کو
دیکھتے، دیکھتے مٹا ڈالیں
اور پس ماندہ جو بھی قومیں ہیں
اُن کو آزادیِ وطن کے عوض

حشر سامان اسلحہ سارے
مُنہ مانگے داموں مہیّا کرتے ہیں
اور احسان بھی جتلاتے ہیں
سامراجی گماشتے ہر سُو
فتنہ پردازیوں پہ ہیں مامُور
ان کی ہر چال ہے لڑانے کی
توڑ جس کا نظر نہیں آتا
امن کے مُدّعی ہیں ظاہر میں
اور باطن میں شر کے محور ہیں
اپنی آسائشوں کی دُھن میں سدا
تیل اور خام حاصلوں کے لیئے
ایشیا بھر کے مرغزاروں میں
آگ بھڑکا رہے ہیں چار طرف
جس میں جلتی ہے ایک خلقِ خدا
اور خود بیٹھے عیش کرتے ہیں

فتنہ جو شاہِ رُوم کی مانند
شاعرِ نغز گو ہوا حیران
بعد لمحے کے یُوں ہوا گویا
"میں نے آنکھوں سے خود بھی دیکھا ہے
کارنامہ عظیم انسان کا
ارضِ خاکی سے ایک تیارہ
برق آسا بلند ہوتا ہُوا
اِس خلائے بسیط میں جولان
عرشِ اعظم کے کنگروں کی طرف
پھر وہ اِنسانِ عاقل و دانا
جس کو ایسا کمال حاصل ہے۔
کیسے بن سکتا ہے، ذرا سوچو
اتنا وحشی کہ بھائیوں کا لہُو
مئے گلگوں کی طرح پی جائے
اور آباد بستیاں اپنی

یوں جلا کر تباہ کر ڈالے
ہے سمجھ سے یہ بات دُور بہت"
باادب میں نے عرض کی اُن سے
معاف کیجیے میرا طویل بیان
جاگزیں جب سے دِل میں انسان کے
ذاتی میراث کا خیال ہُوا
ہوسِ زر نے کر دیا اَندھا
فطرتِ آدمی نے سیکھ لیا
اَپنے ہی بھائیوں کا اِستحصال
سو طرح کی خبیث چالوں سے
اَور آخر وہ وقت بھی آیا
ماہرِ اقتصادیات نیا
پردۂ غیب سے ہوا پیدا
ایک صحیفہ نیا دیا جس نے
نوعِ آدم کی زندگی کے لئے

اِک بشارت نئی معیشت کی
جس میں ممکن نہ کوئی اِستحصال
مارکسؔ نے آ کے دَورِ نو کے لئے
کام پیغمبرانہ کر ڈالے
توڑ دیں بیڑیاں غلامی کی
جبر کی، بے بسی کی، کُلفت کی
اور اِنسان کو راہ بتلا دی
بھائی چارے کی، اَمن و صحت کی
اور اعلان کر کے اُس نے کہا
سارے محنت کشوں، غریبوں سے
" ساری دُنیا کے اُٹھّو مزدورو!
مُتّحد ہو کے جدّوجہد کرو
بیڑیاں اپنی توڑنے کے لئے
بورژوازی کے ساتھ لڑتے میں
کبھی مزدور کچھ نہیں کھوتا

اَپنے ہاتھوں کی ہتھکڑی کے سوا"

روس کی مملکت بعزم بلند

اَپنے لینن کی رہنمائی میں

حوصلہ، اعتماد و جرأت سے

اِسی رستے پہ چل پڑی جس کی

مارکسؔ نے یوں نشان دہی کی تھی

اور بنا دی بہشت دنیا میں

نہیں جس میں عذاب اِستحصال

نہ ہی میر و امیر و خان کا ڈر

اور اُن کے نہ نوکروں کے ستم

نہ وہ دلّال ہیں نہ وہ ٹھگ ہیں

جو دلی دوست بن کے آتے تھے

بڑے تاجر، حکیم و کاریگر

بڑے مُلّا و پادری موٹے

تھے جو سرمایہ داروں کے دلّال

مختلف رنگ کے لبادوں میں
لب پہ نامِ خُدا، مسیح کا نام
دِل میں مکر و فریب و عیّاری
ملک سے سب کو کر دیا خارج
روس کی پاک سرزمین بے شک
جو ہے محنت کشوں کی جائے پناہ
اَمنِ عالم کا پاسبانِ قوی
اس کے دہقان اور جرّی مزدُور
راہِ لینن پہ گامزن ہو کر
بڑھ رہے ہیں بہت ہی تیزی سے
علم و حکمت میں فکر و دانش میں
ماہِ رخشاں انہوں نے جو پھینکا
نیلگوں آسماں کی وسعت میں
ایک محور پہ جس کی گردش نے
ساری دنیا کو کر دیا حیران

اور سرمایہ دار جلنے لگے
آگ میں کینہ و حسد کی تمام
سگِ دیوانہ کی طرح ہر سُو
کاٹ کھانے کو دوڑے پھرتے

چاہتے ہیں کہ سونے چاندی سے
ساری دنیا میں آگ بھڑکا دیں
اور جلا ڈالیں سارے عالم کو
اپنی لُوٹ اور منفعت کے لئے

مسکراہٹ اِک آئی پیاری سی
جام دُرَک کے پیارے چہرے پر
پیٹھ پر ہاتھ پھیر کر میری
پیار و شفقت سے مجھ سے پوچھ لیا

قوم اور مادرِ وطن کا حال
"کیا کیا گردشِ زمانہ نے
بانکے شمشیر زن دلیروں سے؟"

دلِ ناکام کر کے قابُو میں
روک کر آنسوؤں کو آنکھوں میں
گھونٹ دِل کے لہُو کا پی کر، پھر
عرض کی میں نے "دَورِ گردُوں نے
توڑ دی ہے کمر بلوچوں کی
ملک برباد کر کے بیٹھے ہیں
آنسوؤں کی لڑی بہاتے ہیں
گھنی ڈاڑھی پہ اور مُونچھوں پر
عقل و دِل کو لڑا کے چلتے ہیں
مسئلوں کو وہ اپنے حل کر دیں۔
تیَرنے کی اُنہیں نہیں ہمّت
سرخ دریا کی گرم موجوں میں
پڑتا ہے رہ میں جو دلیروں کے"۔
"معاف کرنا" کہا یہ دُرّک نے
شاعرانہ زبان کے مالک نے

"ایک پتھر جو رچہ میں گر جائے
اور اس پر اگر گذر جائیں
سالہا سال چاہ کے اندر
ریزہ ریزہ کبھی نہیں ہو گا
نہ ہی گھل جائے گا وہ پانی میں
اس طرح سے بلوچ دُردانہ
دَور کی گیر ودار میں ہرگز
نہیں ہو گا چکٹ، نہ زنگ آلود
سُرخ[1] و الماس کی طرح ہے بلوچ
جیسے سونے کو زنگ نہیں لگتا
اور الماس پیٹ میں جا کر
زھر بنتا ہے مار دیتا ہے
اس طرح سے بلوچ صحرا گرد
نہیں کھوتا کبھی صفات اپنی

[1] ۔ سونا

حُرّیت اور سرفروشی کے
جانتا ہوں میں ۔ نوجوان بلوچ
ننگ و ناموس کے یہ رکھوالے
آخر اِک دن گھروں سے نکلیں گے
ساتھیوں سے وہ سرفروشی کا
ایک رِندانہ عہد کر لیں گے
اور قومی حقوق کی خاطر
شرط پر اپنے سر لگا دیں گے
کامیابی و کامرانی کی
عنبریں، مشک بیز و کیف آگیں
نکہتِ جانفزا بکھیریں گے
اور وطن میں بہار آئے گی
نیک نامی و شادکامی کی ،
جب کھُلی آنکھ تو نہ تھا کچھ بھی
جام دُردک نہ اس کی محبوبہ

جیل کی کالی کوٹھڑی تھی وہی
اور تھکے ساتھیوں کے خرّاٹے

# سَمنڈ لالین

پَریری من چہ بازارءَ
سمنڈ ءِ رگپتہ واگ ءَ را
پہ تَرھڈّ و دُوْر و رِھلگار
سرءَ شوریشتہ راھشوارءَ
سرِوں چو مَسَت و بے سارءَ
بگپتگ دِیرسَرِیں تار ءَ
سمنڈ شُتَرِیں! تہ بے کارءَ
بجنئے ہَنڈ ءَ گوں ہر چارءَ
نہ چارِیت نیں کسے سوارءَ
سمنڈ! تئی دوْرو وِرِکّتءَ را
نہ چارنت رِیل ءِ شیکارءَ
تچوکیں لاریکا و کار ءَ

زر ءِ لوئیں گھُراب ءَ را
نہ چیراپی ہِشتاب کار ءَ
ہِشبیں بالی وَ کاب ءَ را
مُسافرِ زِہیر و بمبگوار ءَ
جہان ءِ برتہ ہوش ءَ را
اُرُش ءِ سوب ءِ استار ءَ
کمال اِنت آدمی ءَ را
کمند دوُر داتہ ماہ ءَ را
گُتنگ بے شک و تحرالا
عناصر قبضنگ و کار ءَ
اُرُش ءِ راج و سرکار ءَ
گھریب نی گہیں یار ءَ
من دُنیا ءَ گُتنگ سہرا
اُلُس ءِ سوب ءِ اِستار ءَ
سیاہ تپ رگیتہ زردار ءَ

پُلوکیں ٹھگ و سُوت خوارءَ
وَتی کٹءَ پہ حِلکارءَ
چہ ھَپْت زِرد آحتہ اِے پارءَ
پہ ظاھر چو دِلی یارءَ

پہ باطن کوش و گُٹمارءَ
مروچی کپتہ بے سارءَ
دِل ءَ تابِ وارت چو سیاھمارءَ
چو جوگی، سوب رءِ اِستارءَ
نہ دنتاں اِشتہ، نے زھرءَ

سَمَند شَرّیں! مبُو قَھرءَ
منی دراجیں چہ گُپتارءَ
بتَر شُدّ مَں دشت و کوھسارءَ
کنوں ستم ما وَتی وارءَ

مقابل یوں گوں بوتار ءَ

پُل و لُٹّانی سرکار ءَ

نصیر، بے شک و تکرار ءَ

نہ پرُوشیت قول و اِقرار ءَ

★ ———————— (نوشکے - ۲۱ ر دسمبر ۱۹۵۵)

# پیاری سمند گھوڑی

میری سمندِ برق پا
جیسے چھلاوا ہو کوئی
پرسوں جو میں نے دوستو !
باگیں جو اس کی تھام لیں
بازار سے (گھر کی طرف)
پویا ، اُچھلتی ، کُودتی
شوریدہ سر گھوڑی چلی
اِس دم تصوّر نے مرے
مدہوش مستوں کی طرح
تارے مِلا دیں دُور کی
بیکار ہے پیاری سمند
اس طرح چاروں پیر پر

مائزدی مائل

تیرا اُچھلنا، کُودنا
اَب کوئی دیکھیگا نہیں
تیرے خرامِ ناز کو
اَب ریل گاڑی بھی اگر
سیٹی بجاتی پاس سے
گزُرے کوئی دیکھے نہیں
لاری بھی، موٹر کار بھی
اب دیکھنے کی شَے نہیں
لوہے کے وہ بحری جہاز
اور وہ ڈبکنی کشتیاں
جو تیرتی ہیں روئے آب
اور زیرِ آب مثلِ نہنگ
ان کی بھی اَب وقعت نہیں
اور وہ مشین پرواز کی
جنگی بھی اور بمبار بھی

اُڑتی ہے جو مثلِ عقاب ،
اور وہ بھی جس پر لوگ باگ
کرتے ہیں دُنیا میں سفر
ان کو بھی کوئی ان دِنوں
خاطر میں لاتا ہی نہیں
سب کے اڑائے ہوش ہیں
تارے نے رُوسی فتح کے
اِنسان کا دیکھو کمال
پھینکی ہے کِس تدبیر سے
اب چاند پر اس نے کمند
کرکے عناصر قبضہ میں
اب اُن سے لیتا کام ہے
رُوسی بہادر قوم نے
عوام کی سرکار نے
محنت کشوں کے یار نے

اِس گردشِ سیّارہ سے
دُنیا پہ ظاہر کر دیا
محنت کشوں کی جیت کو
اِس سے چڑھا کالا بخار
سرمایہ داروں کو بہت
اُس رہزنِ اقوام کو
آتا ہے بھاگم بھاگ جو
اَپنے منافع کے لئے
ساتوں سمندر پار سے
بن کر بہ ظاہر غمگسار
لیکن، بہ باطن ٹھان کر
آتا ہے بہر رہزنی
بے ہوش ہے وہ اِن دِنوں
اور ایک ناگن کی طرح
غصّے سے ہے درپیچ وتاب

رُوسی ستارے نے مگر
جوگی، سپیرے کی طرح
ناگن کے مُوذی مُنہ میں اب
کچھ دانت چھوڑے ہیں نہ زہر
غُصّہ نہ کر پیاری سمنڈ
کچھُو میری اِس گفتار پر
یونہی چلے چل دشت میں
اِس وادیِ بے آب میں
اِن کوہساروں میں جہاں
اِک روز ہم کو بھی، کبھی
مل جائے گا موقع کوئی
ہم ظلم و استبداد سے
غاصب کے استحصال سے
ٹکّر بھی لے لیں گے ضرور
یہ قول ہے، اس کو نصیر
ہرگز نہ توڑے گا کبھی

# سامراج ھوپے

(۱) جمّراں مرچی گرنند گے مان اِنت
کبش ءِ گروکان ءِ کھندگے مان اِنت
ساھیوال ءِ من سیاہیں زندان ءَ
یک وطن دوستیں بندگے مان انت

(۲) پہ قوتی قوم و ملک و آزاتی
جنّنت شیراں پہ موج و پڑ گواتی
روچ گوئزنت سیاہیں، قہر و ظلمانی
کالی مانّنت اِنت من جہان یاتی

(۳) ہور گواریت، چمّی ہمگوار نت
دیریں دوستانی دروشماں مارنت
دیر، چہ دھنزیں گوئزنند ءِ آ دیما
حونی سھو موشیں کوھراں چارنت

۴۔ سامراج ءِ دلالیں سیاھکاران
زُرتہ توپ و مشین و بمگواران
بزگ و واھریں اُستمان ءِ سرءَ
ریھتگنت چو مش ڈونڈاں ھپتاراں

۵) سامراج ھوپے، دتے گورپچّ ئنت
قاتل اِنت آ، لِیے آئی دُشچپٹّ ئنت
ہر دو بے غیرت اِنت، ھر دو جلاّ د ئنت
من پُل و لُٹ ءَ ہر دو دُسگٹّ ئنت

۶۔ یکّے حق چو شُتت، یکّے ھُدّ وارِنت
یکّے مال وارِنت، یکّے بُوتا رِنت
واھریں زحمت کشاں پہ دُنیا ءِ
یکّے پاگاس اِنت یکّے سیاہمارِنت

۷) اِنقلاب، انقلاب لوٹیت وطن
گار کنگ لوٹنٹ سامراج و مُزن
زندہ باتنت جہانءِ محنت کش
شوانگ و واھریں کاری وڈھگن

سنٹرل جیل ساہیوال
۲۲ر جولائی ۱۹۶۸ء

# سامراج ایک وبا

۱- ہیں گرجتی گھٹائیں ساون کی
ہنستی ہیں بجلیاں گھٹاؤں میں
اور زندانِ ساھیوال[1] میں آج
اِک محبِ وطن بھی ہے محبوس

۲- قوم و آزادیِ وطن کے لئے
جانے کتنے ترنگ میں آکر
شعر بے اختیار کہتا ہے
قہر آشام ظلم و جور کے دِن
آخر اک دِن گذر ہی جائیں گے
اور دنیا میں اس کے یہ اشعار
یاد رہ جائیں گے جوانوں کو

---

[1] ساھیوال (منٹگمری) پنجاب

۳ مینہ برستا ہے، اس کی آنکھیں بھی
آنسوؤں کی جھڑی لگاتی ہیں
یاد میں دوستوں کے چہروں کی
اور محبت دُور پھر اُفق سے پرے
دیکھ لیتی ہیں کوہساروں کو
تہ بہ تہ خون سے جو ہیں گلگوں

۴ اور یہ سامراج کے دَلّال
عام ہے فتنہ پروری جن کی
ٹینک، طیارے اور بم لے کر
کتنے معصوم بے گناہوں پر
ٹوٹ ایسے پڑے ہیں جیسے کہ
بھوکے نکڑ بگھے ہوں لاشوں پر

۵۔ ہے دبا سامراج اور اس کے
ہیں یہ دَلّال گورپٹ[1] کی مثال

---

[1] گورپٹ: ایک درندہ جو تازہ قبروں کو کھود کر مردوں کو نکال کر کھا لیتا ہے

وہ ہے قاتل، مگر یہ ہیں اُس کے
خُونیں ہاتھوں کے چاٹنے والے
دونوں بیدرد، دونوں ہیں جلّاد
دونوں ہیں لوٹ مار میں مصروف

۶۔ ایک ہے خُون چوُسنے والا
ایک، جو ہڈّیاں چباتا ہے
اِک کو سرمایہ دار کہتے ہیں۔
اک ہے جاگیردار کہلاتا ہے
حق میں محنت کشوں کے دُنیا کے
ہے نہنگ ایک، ایک کالا ناگ

۷۔ چاہتا ہے اَب انقلاب وطن
ان بزدلوں کو بھی سامراج کے ساتھ
اب مٹا دینا چاہیئے، یارو!
رہ سکیں زندہ تا کہ محنت کش
کدھیے اور کاسب دھقان

# شہد و گلاب

ترِیشا سے بُت ءِ مان اِنت نہ زانان چہ کُجا!
رِتکا ءِ زراب ءَ چہ ۔ کہ چاندی ءِ بُنج ءَ
ہیدانی شلنچان ءَ چہ مزدُور ءِ بنج ءَ
ارسان ءَ چہ گرُشن ءِ ، ورنت دِھکان ءِ کج ءَ
واھری کشیں مہلوک ءِ چہ حونانی گنج ءَ
یا ، شوانگ و بگجت ءِ ، چہ پُٹی ءِ دَنج ءَ

ترِیشا سے بلے مانی جہاں سوچیں زراب
پلانی دِل ءَ ، گوانی کنان ، بُٹیت پہ تاپ
پچنڈانی گوں گلاں وَتی ، گردکانی حساب
ماڑی و مَحلاں مں کپنت رِبیرو شہاب
نہ سامر ءِ دل بنت نہ بوتار و نواب
واھری کشیں مہلوک بچٹیت چہ عذاب
گپتار نصیر ءِ مں دپ ءَ شہد و گلاب

(سنزل بچکیں سال، جنوری ۱۹۶۸ء)

# شہد و گلاب

۱- چنگاری پڑی دِل میں کہاں سے نہیں معلوم
سونے کے یِہ شعلے سے کہ چاندی کے دھوئیں سے
محنت سے پسینے کی یا اُس دھار سے چھُوٹی
محنت کش و مزدور کی بہتی ہے بدن سے
دہقان کی بیٹی کے یا اشکوں کی لڑی سے
جو بھوک سے بہہ بہہ کے گھُلا دیتی ہیں اس کو،
زخموں سے ابلتے ہوئے اس جھاگ سے خُوں کے
بہتا ہے جو آفت زدہ لوگوں کے بدن سے،
ساربانوں کے چرواہوں کے یا پیٹھ و کمر کے
چھالوں سے پڑے داغوں کی دِل دوز ٹھُک سے

۲- چنگاری ہے، البتہ نہاں اُس میں ہے ایسا
اِک شعلۂ جوّالہ جو دُنیا کو جلا دے۔

میں تپنے مگر دِل میں اُسے پال رہا ہوں
اور اُس کو ہوا دیتا ہوں اشعار سے اپنے
تا آنکہ بھڑکنے لگے اور تاؤ میں آئے
اور پھر اُسے ماڑی و محلّات پہ پھینکوں
یوں برق و شہاب اُن پہ گرے اور جَلا دے
بچ جائیں نہ سامراج کے دَلاّل، وطن فروش
نئے خان و نواب اور نہ جاگیروں کے مالک
حاصل ہو نجات ان کے عذاب اور جفا سے
مزدور و فلاکت زدہ اَبنائے وطن کو
اِس طرزِ خطابت پہ نصیرِ سخن آرا
ہے شہد و گلاب اَب ترا ہر مصرعہ رنگین

# چےءَ چارَے

۱۔ چےءَ چارَے او نَبگلیں وَرنا!

اُو وطن مات ءِ آسلات و اُمیت

تئی وطن بُرتہ زِلیتی حون واران

ہَنڈے مُش آسمان ءِ دست نہبیت

۲۔ اے نہبنت جمّرانی گرُندو گروک

چَم تئی سبزیں کوھسراں سکّنت

بمب و توپ ءِ گلو لگنت کہ کپنت

کوہ و دشتاں مئے پَد مپَد ترّکنت

۳۔ سہورنٹ حوناں چِہ مئے یلانی، تلار

سیاہیں حاک و پھُرنٹ گلیں ھفنکین

گُرشن و نُوچی نجینئہ َ دنتانان

بستگنت ڈنگ بزنگ وراہ شنکین

۴ سیٹھ و بوتار و سامراج ءِ دلال

حاکم و کاردار و خان و وزیر

سامراج ءِ پناہ ءَ چیر ءَ کننت

لُٹّ و پُل، کُشت و کوشش و بند و بگیر

۵ پیسہ ءِ چے رانت، بُنگلیں وَرنا !

وَس وَسّاں نیں دل ءَ چہ ڈیہ ءَ کن

زِنْد پہ محتاجی و پہ چم جَھلی

موت سوبانی یا پہ قوم و وطن!

سنٹرل جیل ساھیوال ۷، جولائی ۱۹۶۸

# کیا دیکھتے ہو؟

۱۔ کیا دیکھتا ہے گھور کے اَے بانکے نوجوان!
اے مادرِ وطن کے ثمر، اَے گُل مُراد!
خُوں خواروں نے وطن پہ تیرے قبضہ کر لیا
تیرے لئے فلک پہ بھی کوئی جگہ نہیں

۲۔ یہ گھن گرج، یہ کوند گھٹاؤں کی تو نہیں
تیری نگاہ نیلے پہاڑوں کی سمت کیوں
یوں ٹکٹکی لگائے ہوئے دیکھتا ہے کیا
یہ تو بموں کی، توپوں کے گولوں کی ہے دھمک
جو پھٹ رہے ہیں دشت و در و کوہسار پر

۳۔ اپنے بہادروں کے لہُو سے چٹاں ہیں سُرخ
خاکستر اور خاکِ سیاہ بن گئے ہیں گاؤں
پیسے ہے دانت ایک طرف خشکی سے بھُوک

اور اِک طرف سے روک رکھے ڈاکوؤں نے ہیں
سب راہ و راہگذار دز دزدیش ہائے کوہسار

۴- دَلال سامراج کے جاگیر دار، سیٹھ
اربابِ اقتدار کے سارے گماشتے
ملتی ہے سامراج سے ان کو پناہ، تب
کرتے ہیں لوٹ مار و جدال وقتال سب

۵- کیا فیصلہ ہے تیرا، تیا بانکے نوجوان
اَب وَس وَسوں کو دِل سے تُو اپنے نکال دے
محتاجی و ندامت و بے بہرہ زندگی
یا، کامرانیِ وطن و قوم کے لئے
ہنگامِ جدوجہد میں باافتخار موت

# زِندگی چمّ جنّت

روچ لونجان رانت، چمّ سُنت سہورین
یات کائنت منی دِل ءَ دورین
پھُل گُدانی، اُمّل و شیشارین
دِلبرانی، ز باد گلگھورین
مہتکانی، کِتار و بازارین
بُنگلانی، چَوَک و شازورین
کوهسرانی، گُھبارہ و دیر پندین
کُوچگانی، پِلاہ بمبورین
چمگانی، برآپ و آدیشکین
چِیکلانی، چُشاپ و زِرہ سہورین
اَے وطن ! تکّہ و براھشدارین
یات کایئے، مُجاں مں تھا مورین
شپ کہ چُنڈان بیت مُہکانین

دِل کپیت ترانگاں تئی بورین

روتج کہ آسان بیت زر تراشین

پہم تپسیت گوں ترِ نیاں بلوّرین

زِندگی وَش نہ اِنت بے آبین

نودی دِرِھین ءَ نہ گِندنت چمّ کورین

راہ آزاتی ءِ جگر موخین

بھیمنا کِنت دلاں پہ کمزورین

عاشقانی دِل ئُنت حوں جوشیں

دِرِ گرِنت مں کنڈگاں ، کوڈرین

کِشت اِنت خونانی ، جُستجو و ذگرین

پِشل دنت گُلزمین ءَ تلورین

دِل کپیت ترانگاں تئی ھدین

چمّ جنت زِندگی ھلامودین

بیل دیارانی یات ، دلانین

سَت مُت ءَ ڈُنگ جُنّت درگورین

زندگی ، اُو نصیر دُرگالین

پیبئے یک ، مگّپانی منگھورین

# زندگی پھڑکتی ہے

۱۔ مغرب کو ڈھلک رہا ہے سورج
اور سرخ ہے بادلوں کی رنگت
اِس وقت ستم رسیدہ دل پر
کرتی ہیں ہجوم چند یادیں

۲۔ گُل پیرہنانِ سروقد کی
اَن مول ہے جن کی دلرُبائی
اُن ماہ جبیں دلبروں کی
خوشبو میں زبادؔ کے بسے ہیں
جن کے سیاہ عنبریں گیسو

---

ط۔ ایک خوشبو

۳۔ ان سلسلہ بند بستیوں کی
بازار کی سی ہے جن میں رونق
اُن بانکے، چھبیلے سرکشوں کی
ہے قوم و وطن کو ناز جن پر

۴۔ ان کوہ و کمر کی، دور سے جو
آتے ہیں نظر غبار آلود
سر سبز و حسین وادیوں کی
شاداب و وسیع ہیں جن کے دامن

۵ چشموں کی جو ہیں شفاف و بھرپور
آئینہ مثال و جلوہ افروز
اُن چانچیوں کی، جن کا پانی
نمکین بھی ہے اور کم بھی

---

سے۔ پہاڑی ندیوں میں چھوٹے چھوٹے کنوئیں۔

۶- اَے میرے وطنِ مُقدّس و درخشاں

اَندھیاریوں اور آندھیوں میں

تو مجھ کو بہت ہے یاد آتا

۷- جب چاندنی رات جھُولتی ہے

مَیں تیرے حسین تصوّروں میں

کھو جاتا ہوں دِلفگار پہروں

۸- جب ہوتا ہے ضَوفشاں سُورج

تپتا ہے تیرا خیال دِل میں

اور ساتھ بلوریں آنسوؤں کا

اُٹھتا ہے اُمڈ کے ایک طوفان

۹- وہ زندگی، زندگی نہیں ہے

عزّت سے نہ جو بسَر ہو

رنگیلی دھنک کو بادلوں میں
اَندھا نہیں کوئی دیکھ سکتا

۱۰ آزادی کا راستہ کٹھن ہے
دیتا ہے مَسل دل و جگر کو
کمزور دِلوں کے واسطے، تو
دشوار ہے بہت اور خطرناک

۱۱۔ یہ کام ہے عاشقوں کا، جن کے
رگ رگ میں تڑپتا، جوش کھاتا
ہے، سُرخ لہُو دل و جگر کا
بے ساختہ کُود پڑتے ہیں وہ
کانٹوں میں ببول، تھوہڑوں کے

۱۲۔ آزادی تو گرم و سرخ خوں سے

آبیاریِ کاشت کا ثمر ہے
جو ایک اُجاڑ سرزمیں پر
خونابۂ دل سے پھوٹتا ہے

۱۳- جب دِل میں مرے خیال تیرا
آتا ہے تو زیستِ رنج دربر
لگتی ہے بہکنے مجھ سے اس دم

۱۴- یاد اُن رفیقوں، دوستوں کی
جن کا ہے مقام میرے دل میں
ڈس لیتی ہے جسمِ نیم جاں کو

۱۵- یہ زندگی، اَے نصیرؔ درچیں
مردوں کے لئے جری و بیباک
اِک کھیل ہے بس بہادری کا

# شَپگیر

۱ مَدارِت پاداں !
کہ وَھد کمّ اِنت
مدارِت پاداں !
کہ شپ کسان اِنت

مَدارِت پاداں !
کہ راہ برِیَنت
مدارِیت پاداں !
کہ ماہ کپان اِنت

۲ دوچوٹ دیما
مں کھورءِ آدست
سیاہءِ پُشت ءَ
شکار وَپتنگ

شکارے زندیں
شکاری اِنت وَت
پہ مئے شکار ءَ
اِدا سرپیان اِنت

۳- رِسلاحی گونَنت
اُولاک و توشگ
رِگرانیں مُنبگاہ
چہ سامراج ءَ
پہ ھُول و لُٹ ءَ
پہ کُشت و کُش ءَ
سرءَ مئے کپتگ
پُلان، گُشتان انت

۴- رِنیں کھور ءِ راست ءَ
گُنبک، شُبت ءَ
چہ جُنبپ ءِ پُشت ءَ

بگرٔ دِت چپّ ءَ

بگندت سیاه ءَ
گوں چونگ ءَ برزیں
شمارا چارِیت
پنچ شلان اِنت
مئے کوہ ئنت یکّی
5- مئے کھورٔ خشکنت
مئے دشتنت حیران
مئے کوچہ گریؤ ث

مثیارِیوں ما
مئے ملک ماتیں
مئے گور و ھنکیں
گوں دشمنان انت
یکیں براتان!
چوکین پیران

بِسْنبھرِت رنیں
پہ وِرِکّت ودُو ءَ
مُدّاں ، مُدّاں ءَ
بِکنزِرت دیما
شکار وابِشت
مَں کمبلاں اِنت

۷۔ مُدارِت پاداں!
کہ وَھْد کمّ رانت
مُدارِت پاداں!
کہ شپ کمّاں اِنت
مُدارِت پاداں!
کہ راہ دیرشت
مُدارِت پاداں!
کہ صُحب پیان اِنت

سنٹرل جیل ساھیوال ۸ رجولائی ۱۹۶۸ ار

۷

# شب خون

۱- قدم بڑھاؤ کہ وقت کم ہے
قدم بڑھاؤ، ہے رات چھوٹی
قدم بڑھاؤ ہے راستہ دور
قدم بڑھاؤ
غروب ہونے کو چاند آیا

۲- یہاں سے اب دو ہی موڑ آگے
پہاڑی ندی کی اس طرف کو
اُس اگلے کوہِ سیہ کے پیچھے
شکار سویا ہوا ہے غافل
شکار ہے وہ بہت بڑا سا
شکار، جو خود بھی ہے شکاری
شکار کرنے وہ ہمکو آیا ہے

یہیں کہیں وہ چھُپا ہوا ہے

۳ وہ ہے مسلح

اُسے یہ ہتھیار و ساز و سامان
بہت دیے سامراج نے ہیں
چلا ہے غارت گری کی خاطر
قتال و سفاکیوں کی دھُن میں
عذاب بن کر گرا ہے ہم پر
بلا جھجک ہم کو لوٹتا ہے
قتال ہے بے دریغ اس کا

۴ پہاڑی ندی کی دائیں جانب کو
تم ہولے ہولے قدم بڑھاؤ
اُس اگلے ٹیلے کے پیچھے جا کر
بڑھے چلو، بائیں سمت مڑ کر
وہ آ گئے، کوہِ سیاہ دیکھو
جو اونچی چوٹی سے اپنی تمکو

یوں گامزن دیکھ کر خوشی سے
گمر، گمر مسکرا رہا ہے۔

۵ پہاڑ ہیں ماتمی ہمارے
پہاڑی ندیاں ہیں خشک ساری
ہیں دشت سارے اُجاڑ حیران
ہماری سب وادیاں ہیں رِگریاں
ذلیل ہیں ہم
وطن ہمارا
جو قبر بھی ہے ہماری ماں بھی
ہمارے اجداد کا ہے مسکن
ہے آج قبضے میں دشمنوں کے

۶۔ اَے بھائیو!
میرے سرفروشو!

اَے چاک و چوبند نوجوانو!
جھپٹ پڑو اَب، لَپک اٹھو اَب
سرکتے جاؤ بھی ہَولے ہَولے
شکار سویا ہوا ہے غافل
پسار کر پاؤں کمبلوں میں

قدم بڑھاؤ، کہ وقت کم ہے
قدم بڑھاؤ ہے رات چھوٹی
قدم بڑھاؤ، ہے راستہ دُور
قدم بڑھاؤ
کہ صبح ہونے کو ہے جوانو!

۸

# گھمانی ھنکین

بیا، اُو منی دِل، گھمانی ھنکین

۱- دُنیا ءَ رِبگِند چی پیمنٹ گوں ما

۲- ماتی وطن ءَ بدیگاں برُتگ

زِند ءَ مں بوں گھُلام پچوں ما

۳- یک ڈکے بیت اِیش پہ گڈ پدَریگاں

ننگ ءَ پہ مدوں یک پتے حوں ما

۴- ذوراوَر ءَ زور مانِت، زانوں

قومانی نہوں دی پو پنچ ولیوں ما

۵- گوازی گوں سراں مے کار بیتگ

بلُّسا مُیں پڑاں مں کرتہ روں ما

۶۔ سیالاں ھدیں مارا دانہ ھکل

رہبجبر وَتی پُشت نہ دانہ شوں ما

۷۔ نیں ہم تہ رِگبنِد اُو دِل گنوکبین!

رِجیداری ءِ نَشکاں کلِتوں چوں ما

۸۔ اِے کوچگ و کوہ و دشت وصحرا

سیراپی کنوں گوں ھید وحوں ما

۹۔ قوُل انت گوں نصیرءَ دریابین

حکاّن ءَ گرِول پہ جون وجوں ما

(سنٹرل جیل ساھیوال ۱۱ جولائی ۱۹۷۸ء)

۸

# غموں کا مسکن

۱۔ آ اے غموں کے مسکن
اَے میرے دِل، اِدھر آ
دنیا کو دیکھ ۔ کرتی
ہے کیا سلوک ہم سے

۲۔ قبضہ کیا ہے ، دشمن
نے مادرِ وطن پر
ہم زندہ رہ کے اُس کے
ہوں گے غلام کیسے

۳۔ ہو گا کلنک کا ٹیکہ

آئندہ پیڑھیوں پہ
ناموس کے لئے جو اپنے نہ دے سکیں ہم
قربانی مختصر سی
چُلّو بھر اِک لہُو کا

۴۔ ہم جانتے ہیں ، دشمن
زور آور و قوی ہے
لیکن نہیں رہیں ہم بھی
قوموں کے خار و خس سے

۵۔ ہم کھیلتے رہے ہیں
اپنے سروں سے اکثر
نیزوں کے زیرِ سایہ
میدانِ جنگ میں بھی
کرتے رہے ہیں فصلِ آدم کی ہم کٹائی

۶۔ للکارا جب بھی ہمکو
دشمن نے جس جگہ پر
پیٹھ اس کو ہم نے اپنی
ہرگز نہیں دکھائی

۷۔ دیوانہ دِل! تُو اَب بھی
خاموش دیکھتا جا
مردانگی کے کیا کیا
ہم نقش چھوڑ جائیں گے

۸۔ ہم اَپنے اِن پہاڑوں
صحراؤں، وادیوں کو
اَپنے لہُو سے آخر
سیراب کر ہی جائیں گے

۹- یہ قول ہے ہمارا
گوہر بیان شاعر
اپنے نصیر گل سے
لاشیں گرا گرا کے
چھینیں گے ہم بھی اک دن
قوم و وطن کی اپنی آزادی
دشمنوں سے۔

(۹)

# پُجگی اِنت رستم

۱۔ سنگتاں ! سرمچاریں ہمراہاں !
بُگنت دُروہ دشمناں راہاں
منزل ءَ مارا پُجگی اِنت رستم
راہے گٹّاں چہ بِہّگی اِنت رستم
پرُوشگی اِنت جہُودیں بد واہان

۲۔ راہے دیریں و بارے گران اِنت
توشگ ءِ پکّرو آسر ءِ تران اِنت
سنگتان ! ہستی و ہِمّت و تدبیر ءَ
ھور و ھمراہ کنِّہت گوں شمشیر ءَ
بیرگ ءَ سوب ءِ بُرز کنگ گران اِنت

۳- ھیدو ھونانی مرچی ہورنت بکار
پہ دلال بیرءِ آس وجورنت بکار
بہلت بیداد و ظلم و قہر بہیت
بہلت زنذ جون پھکڑ و زہر بہیت
ماراگٹان چہ ورکت دورنت بکار

۴- سنگتان! دیما، دیما گام بجنہت
واب و آرام پہ وت حرام بکنہت
انکلاب ءِ مروچی تاڑی انت
سامراج زلیں پرشتہ گاڑی انت
سنگتان! ئیں مدارت زہام بکنہت

۵- دیما، دیما مس ترو تنکلاں تیرءِ
دیما، دیما مش برنشان شمشیرءِ
سنگتاں! ئیں مدارت پاداں را دا

ڈھڈ زہبہت، یال کنہت مُہرو شہتارء
سوب مئیگنت، مئے سستّس و تدبیرء

۶- سنگتاں ! ماوُں اِنکلابءُ بُرزوک
ماؤں آزاتیءَ پہ، قومءِ برزوک
دراهیں دُنیاءِ کاری و دِهکان
دراهیں دُنیاءِ گهتریں انسان
مئے کوکنت و مئے سرءَ اُوشتوک

۷- زِندہ بات اِنکلاب کاریءِ
مُردہ بات دوُرِ ظُلم و واهریءِ
زِندہ بات کاریانی نوکیں جہان
مُردہ بات سامراجءِ نام و نِشان
زِندہ بات جُنبہ سرمچاریءِ

ساج - ساهیوال ۲۳ جولائی ۹۶۸

۹

# پہنچنا ہے ضرور

۱- ساتھیو! سرفروش ہمرا ہو!
راستہ دشمنوں نے روکا ہے
سرِ منزل پہنچ کے رہنا ہے
ان چٹانوں سے راستہ اپنا
ساتھیو! ہم کو کاٹنا ہے ضرور
اور سرمایہ دار دشمن کو
توڑنا اور شکست دینا ہے

۲- راستہ دور اور بارِ گران
فکر توشے کی اور اُس پہ مزید
ڈر نتائج کا بھی ہے پیشِ نظر

ساتھیو! ہوش و حوصلہ، تدبیر
کر کے، شمشیرِ آبدار کے ساتھ
کار زارِ عمل میں کُود پڑو
جھنڈا فتح و ظفر کا لہرانا
جان جھوکھوں میں ڈالنے کا ہے کام

آج ہمارے لئے ضروری ہے
خوں پسینے کا مینہ بھی برسانا
اور دِلوں میں ہے ہم کو بھڑکانا
زہر آلودہ اِنتقام کی آگ
ظلم ہو لاکھ، ہو غضب ہر چند
زندگی ہو لہو لہاں ہر چند
اور جینا بھی تلخ تر ہی سہی
اِن چٹانوں کو ساتھیو! ہم نے
پار کرنا، پھلانگنا ہے ضرور

۴۔ ساتھیو اب بڑھاؤ آگے قدم
نیند آرام کو حرام کرو
انقلاب آج سر پہ آیا ہے
اور ستم کار سامراج ، پڑا
خوف سے ایڑیاں رگڑتا ہے
ساتھیو! بے دریغ وار کرو

۵۔ گولیوں کے برستے اولوں میں
آگے، آگے قدم بڑھائے چلو
اور تیغوں کے کوندوں لپکوں میں
آگے، آگے قدم بڑھائے چلو
ساتھیو! اب یہاں نہ رک جاؤ
حوصلہ رکھو اور دیکھو کہیں
صف تمہاری نہ ٹوٹنے پائے
جیت ہماری ہے اور ہمارے ہی

حوصلے، ہوش اور تدبّر کی

۶۔ ساتھیو! انقلاب کے رہبر
اور مردانِ کار ہم ہی ہیں
قوم کو لیکے سوئے آزادی
ساتھ لے جانے والے ہم ہی ہیں
ساری دنیا کے کارگر، دہقان
ساری دنیا کے بہترین اِنسان
ہیں ہمارے معاون و دمساز
اور ہیں سب ہمارے پشت و پناہ

۷۔ زِندہ باد انقلابِ کارگران
دورِ جورو جفا کا مردہ باد
زندہ باد حوصلے جیالوں کے
دورِ نَو، لوٹ سے کھسوٹ سے پاک

سامراجی فریب مُردہ باد
اس کا نام و نشاں بھی مٹ جائے
زندہ، پائندہ باد و مستحکم
سرفروشانہ جُہد کی تحریک

۱۰

# ھُداءَ؟

۱۔ منی گُمانانی آسمان ءَ
کدی، کدی برمُش دنت گروکے
عجیب رِنگداں وتی جہان ءَ
نہ راہے دیاں انت، نہ ئے ترورگے

۲۔ گھرِیب دیہوالیں اُستمانے
مُش کوہ و دشتاں ئنت چو ہُوش ءَ
براددا روچے، رادا دَملے
کپان، دِران ئنت پہ گرہ و پُوش ءَ

۳۔ جہاں گوں اِستاراں دست داتگ
من آسمان ءَ پہ بال گردشت

اِدا کئے ءَ مارا چو نہ وانگ

کہ روچ و شپ پتاگِرانیں وَردَنت

۴۔ ھُدا ! بدی ماچی آئی گُرتگ

گھریبِ مظلوم ءِ دست ءَ چے بیت

چی تو نوں وارتگ ، چی گنجوں برتگ

پُچکیں نانے ءَ رنج تچے بیت

۵۔ چی ھُشکیں نانے اکر رُپچے گِندوں

دورُ پچ گردوں پہ پُٹّ و پلول ءَ

برے کہ تریں دپارے بِسندوں

ماشکری کاروں مس دشت و چول ءَ

۶ پدا ھم ، گوں ما اگاں نہ وَشّ اَنت

بزاں کہ ھستاں گوں واجہ شُوْرنت

اُمیرِ سیٹھانی وت مُھکَش انت

کہ چو گھریباں پہ زند جوْرِنت

۷ دِنیں خیرات و صدقہ بازیں
گوں سھور و چانڈی ءَ لوگی مَندنت
وَٹینت پچیر و شیہاں گرُازیں
کہ آئی دوستیں کچّٹ و گندنت

۸ وَرنَٹ و ترھڈّنت دَت پہ مُستی
پُلنٹ و لٹنت پہ مکر و چال ءَ
کروڑ و شکانی دارنت ہستی
ھَب اِنتی اَنگت پہ گنج و مال ءَ

۹ بلے ، ادا ھم یک گپّے چوڑین
خُدا ، جہان ءِ وَدی کنوکِنت
مں آئی کاراں کجام اِنت کوٹین
اے کھُنیں دُنیا مُدام نوکِنت

۱۰ اے گوات گوُشین ، اے آپ سیاہین
اے روچ ءِ تلاّ ، اے ماہ ءِ تنگو
اے دراہ شئے انت مپشت وبے بہائیں

پہ ہر کس ءَ نُنت پے نیرءِ شنگوں

١١ هُدائےُ دُراہ گنج، بر کجا نُنت
زمین ءِ چیرءَ نُنت یا کہ بالا
دُراہ پہ انسان ءَ بے بہا نُنت
چی پیم ءَ مُوزی بیت حق تعالا

١٢ نہ بیلی! هستاں هُدا نہ اِنت گوں
نہ شاہ و میر و امیراں گوں اِنت
اے وَت هَرکُنت، کننت رنیمون
هُدا، بدانی کونک پچُوں اِنت

١٣ اِے وَت هَرّی وُبلوکیں ڈُتے
هُدا ءَ کارنت هَنچو نیام ءَ
وَتی پہ ظُلماں کننت سپلتے
بُلنت وُلٹنت پہ آئیءُ نام ءَ

١٤ مئے درد و دوری نہ نُنت چہ رب ءَ
هدا نہ اِنت مئے گھانی آردک

دُراہ ہمیشَنت گِرنت لَب ءَ

ھُدائے گنجانی ، بہ گما روک

۱۵۔ ہمیشاں مارا چو گار کُرتگ

مَن کوہ و دشتاں تباہ و تالان

ہمیشاں مئے گنج و مال بُرتگ

چہ پُشت و پُشت ءَ صدہا چہ سالاں

۱۶ کوٹک ہمیشَنت سامراج ءِ

ہمیشی دَلنت ، ھمیشی سنگت

ہمیشَنت گھدار ملک و راج ءِ

ہمیشَنت مئے واجہکار انگت

۱۷۔ اے تاں کہ اَستنت وَطن تباہ اِنت

اے تاں کہ استنت ماگُم و گاروں

اِے تاں کہ استنت جہاں سیاہ اِنت

ما ھُشکیں تانےءِ پہ دست تہاروں

۱۸۔ مۓ دوریانی علاج کیۓ
گونجوں ھیشانی وَلّ و بیج ءَ
اے رُبشیر روشنت یک سیاہیں ڈکۓ
جنھتی تابوت ءَ گڈی میخ ءَ

۱۹۔ مَس آسمان ءَ دَت ءَ مجارت
زمیں مۓ ھنکین ، زمین مۓ گورنت
ھدائی کاراں گوں کار مدارت
ھدا ہمائی اِنت ہرکہ زورنت

س ۔ ح ۔ ساھیوال
۲۵ ر جولائی ۱۹۶۸ء

# ۱۰

## خُدانے ؟

۱۔ میرے خیالوں کے آسماں پر
کبھی جو بجلی سی کوندتی ہے
عجیب لگتا ہے مجھ کو اُس دم
یہ کار گاہِ جہان اپنا
نہ راستہ سامنے ہے اپنے
نہ کوئی رہبر نہ رہنما ہے

۲۔ یہ قوم اپنی بھی قوم کیا ہے
غریب ، اور بادیہ نشیں ہے
پہاڑوں ، صحراؤں ، وادیوں میں
وَحوش کی طرح گھومتی ہے
یہاں پہ اِک دن ، وہاں پہ دم بھر

ٹھہرتی ہے۔ اور پھر وہاں سے
روانہ ہوتی ہے گرتی، پڑتی
گھسیٹتی اپنی زندگی کو!!

۳۔ جہاں کی قوموں نے ہاتھ ڈالے ہیں
اب ستاروں پہ۔ اور شب و روز
وہ اڑتے پھرتے ہیں آسماں پر
مگر یہاں، اِس زمیں پہ دیکھو
کیا ہے یوں خوار کس نے ہم کو
کہ رات دِن، درد بن کے ہم پر
اُمنڈ کے آتے ہیں تملاتے

خُدا نے؟
۴ لیکن بُرائی اُس کی
وہ کونسی ہے جو ہم نے کی ہے
غریب و مظلوم لوگ ہیں ہم

بدی بھی کیا کر سکے ہیں آخر
طعام کیا کھا سکے ہیں اس کے
خزانے کیا لے سکے ہیں اس کے
ہماری نانِ جویں کی خاطر
بھلا وہ آشفتہ ہم سے کیوں ہو۔

۵۔ وہ سُوکھی روٹی ملے بھی کیسے
اگر اُسے ڈھونڈھنے کو دوراں
بھٹکتے پھرتے رہیں جو بھوکے
تو ہاتھ آئے گی ایک دِن کی
جو ساتھ سالن کے کھائیں اس کو
تو دشتِ ویراں کی وسعتوں میں
بجا ہم لاتے ہیں شکر اس کا

۶۔ اگر وہ پھر بھی ہے ہم سے ناخوش

تو یوں سمجھ لو کہ آپ وہ بھی
ہے اِن امیروں کے ساتھ شامل
اُچکّے، سیٹھوں کا راہ بر ہے
غریب لوگوں کی زندگی کو
خراب و تلخاب کر رہا ہے

وہ چونکہ صدقے ہیں اس کو دیتے
سجاتے رہتے ہیں اس کے گھر کو
حریر و سنجاب و مال و زر سے
علاوہ اِس کے
کھلاتے رہتے ہیں بیشتر وہ
شیوخ و فقرا کی فربہی کو
غلیظ و گندے ہیں پھر بھی ان کو
خدا کے وہ دوست مانتے ہیں

۸ جو مُفت کی کھاتے ہیں تبھی تو
بڑی ہی مستی میں ناچتے ہیں
فریب سے، مکر سے، دَغل سے
ہزاروں لوگوں کو لُوٹتے ہیں۔
ہزاروں، لاکھوں کے ہیں وہ مالک
مگر وہ پھر بھی ہیں مضطرب سے
مزید دولت سمیٹنے کو

۹۔ مگر کھٹکتی ہے بات یہ بھی
خدا جو خالق ہے اِس جہاں کا
نہیں کوئی بات اس کی کھوٹی
اسی جہانِ کُہن کو دیکھو
مُدام تازہ ہے نَو بہ نَو ہے

۱۰ یہ نرم و نازک ہوا کے جھونکے
یہ ندی نالوں کا میٹھا پانی

یہ کرنیں خورشید کی سنہری
یہ چاند کی ضوفشاں سی چاندی
نہیں ہے کوئی بھی ان کی قیمت
ہر ایک کے واسطے ہیں یکساں
یہ نُور کے دلفریب کنگن

۱۱۔ خدا کی سب نعمتیں جہاں ہیں
زمیں کے نیچے ہیں یا کہ اُوپر
وہ مُفت اِنسان کے لئے ہیں
تو اَیسے جود و سخا کا مالک
بخیل و کنجوس ہو گا کیسے

۱۲ نہیں، نہیں میرے پیارے ساتھی
ان پُوجی والوں کے ساتھ ہرگز
رضائے مولا نہیں ہے شامل

فریب و غارتگری میں ان کے
نہ شاہ و میرو امیر کے ساتھ
خدا ہے شامل برائیوں میں
یہ خود ہی خونخوار، لالچی ہیں
بناتے رہتے ہیں یوں بہانے
یہ کیسے ممکن ہے حق تعالے
بڑوں کا دے ساتھ اس طرح سے

۱۳۔ یہ خود غرض، بے حیا، لُٹیرے
خدا کو لاتے ہیں درمیاں میں
جفاؤں پر پردہ ڈالتے ہیں
اسی کا پھر نام لے کے یہ سب
جہاں میں غارتگری ہیں کرتے

۱۴۔ ہمارے دُکھ درد و خستہ حالی

نہیں خدا کی طرف سے آئے
نہ ہم پہ رنج و اَلم کے ریلوں کا
لانے والا، خدا ہے، ساتھی!
یہ سب کرشمہ رہا ہے ان کا
انہوں نے ہی کر دیا ہے ہمکو
خدا کی سب نعمتوں سے محرُوم
خود اُن پہ قابض ہیں اور ہم سے
وصول کرتے ہیں قیمت اُن کی

۱۵۔ انہوں نے ہی ہم کو کر دیا ہے
تباہ و برباد و خوار ایسا
کہ کوہ و صحرا میں، وادیوں میں
ہوُئے پریشان و منتشر ہم
انہوں نے صدیوں سے ہمکو لُوٹا
نہ جانے کتنی ہی پیڑھیوں سے

یہ لُوٹتے ہی رہے ہیں ہم کو

۱۶۔ یہ سامراجی گماشتے ہیں
یہی ہیں دَلّالِ سامراجی
یہی ہیں قوم و وطن کے غدار
یہی ہیں حاکم ہمارے اب تک

۱۷۔ رہیں گے جب تک یہ اِس وطن میں
وطن رہے گا تباہ ہمارا
رہیں گے جب تک یہ ہم پہ حاکم
ہم ہونگے برباد و خوار ایسے
رہیں گے جب تک یہ ہم پہ قابض
رہے گی تاریک اپنی دنیا
بس ایک نانِ جویں کی خاطر
رہیں گے پھیلاتے ہاتھ اپنے

۱۸- ہمارے دُکھ درد و خستگی کا
یہی مداوا ہے ایک، ساتھی!
کہ ان کی بنیادیں اس زمیں سے
اُکھاڑ پھینکیں
یہ بورژوازی ہے ایک طبقہ
سیاہ کاروں کا اس جہاں میں
بس اُن کے تابُوت میں رفیقو!
اب آخری کیل بڑھ کے ٹھونکو

۱۹- تم آسماں کی طرف نہ دیکھو
زمین ٹھکانا ہے اپنا، ساتھی!
زمیں پہ ہی قبر ہو گی اپنی
خدا کے کاموں سے تم کو کیا کام
خدا ہمیشہ ہے ساتھ اس کے
جو زیادہ زور آور و قوی ہے

(۱۱)

# پدا ماؤں

۱۔ پدا ماؤں پدا جیل اِنت و زمزیر
پدا مان آ ہنگنت گوں توپک و تیر

۲۔ پدا ماتی وطن بیجار لوٹیت
چہ بچاں تنگہین و دستکاں ریر

۳۔ پدا پہ مادرءِ گنج و مشیارءَ
نیلیں ززھگانءَ ماتءِ بہشیں بنت شیر

۴۔ پدا مئے سرمچار و سرمستاں
جنت ہر شپ سرءَ اروانی شبگیر

۵۔ پدا مئے ترمپگاں گنذیت دنیا
پدا مئے ھکلاں لرزیت بے پیر

۶۔ پدا اُبرِ ستگیں ورنا مزاریں
دیئنت دروت چوٹ ڈ پہن کاٹار و شمشیر

۷۔ پدا گوں دشمن ءِ سیاہیں سپاہان
جننت شرتاں سرءَ کنگیں پگنز زیر

۸۔ پدا ورنا وتی سستیں وھڑا ءَ
دیئنت گوئر موش گوں قسمت و تقدیر

۹۔ پدا پھلیں وطن دھنز و مجاں بیت
پدا سوب ءَ گوں، ورنا بنت بگھل گیر

۱۰۔ پدا بیلاں! چہ سھور موشیں گوئر نند ءَ
رژداں بیت صحبءِ سیاھی بیت شپءِ دیر

۱۱۔ پدا ذگری نصیرؔ بیلاں بلیں گوں
گوئشیت شیئراں دوشیں کنت تقریر

(سنٹرل جیل مچ - ۸ ستمبر ۱۹۶۲ء)

(۱۱)

# پھر ہم ہیں

۱- پھر وہی ہم ہیں
وہی زندان اور زنجیر ہے
پھر وہ آئے ہیں مقابل
تان کر تیر و تفنگ

۲- مانگتا ہے پھر وطن
بجارہ[1] مال و جان کی
حُور پیکر بیٹیوں سے آج
زر جبیں بیٹوں سے آج
اپنی قومی عزت و ناموس رکھنے کے لئے

[1] چندہ جو بلوچ بوقتِ ضرورت ایک دوسرے کو دیتے ہیں۔

-٣ آج ہمارے سورما بیٹوں کو پھر
اپنی ماں کی عزت و ناموس پر کٹ جانے
دودھ ماں سے بخشوانے کا بھی موقع مِل گیا

-٤ پھر ہمارے سرفروش اور جاں نثار
مارنے شب خون ہر شب جائیں گے
حملہ آور فوج کی ہر گاہ پر

-٥ کارنامے دیکھ لے گا پھر جہاں
سرفروشی کے ہمارے ایک بار
کانپ اُٹھیں گے ظلم پرور نابکار
پھر ہمارے نعرہ و للکار سے
اور سیاہی شب کی ہو جائے گی دور

١- کیمپ

۷۔ اور، بہادر ساتھیوں، کو پھر نصیر
رزمیہ اشعار اپنے
خود سُناتا جائے گا
اور تقریریں کرے گا، دِل نشین

(۱۲)

# مکن پرواہ !

۱۔ زمین سھورنت و یا سیاھنت
مکن پرواہ ، مکن پرواہ
چمے گنتاں تئی راھنت
مکن پرواہ ، مکن پرواہ

۲۔ ہزاراں گوُلستگنت پیش ءَ
چمے نکان وڑنگ راہان
چداں زاناں سرءِ ٹاھنت
مکن پرواہ ، مکن پرواہ

۳۔ ہزاراں ترشتگ ، کپتگ
ہزاراں درمنتگ ، دمیا
سرو ھدّانی دمب گواھنت

مکن پرواہ ، مکن پرواہ

۴۔ اگاں لوٹے وطن مایت ءَ
چہ ڈُنگ درھزناں پٹّے
برو دیما ، اگاں چارِھنت
مکن پرواہ ، مکن پرواہ

۵۔ مچار ایش ءِ راہ جنگ ءَ
سامراجی مردہ خواراں گوں
شپے تنجین ویا ماھنت
مکن پرواہ ، مکن پرواہ

۶ کپیت اے بے بُنیں ماڑی
کر بستگ زرّ و سہوراں گوں
نہ اوشتیت دُز ، اگاں شاھِنت
مکن پرواہ ، مکن پرواہ

۷ پہ شیت اے بت ءِ
دکہ گوں توپ ءِ گھراباں سمبدہ پہ مائیت

مردچی مَست و گمراہِنت
ئکن پرواہ ، مکن پرواہ

۸- نمانَنت جیل و پاھو
دائمً ءَ پِما ، جبر پکَنِت
نیں ظالم پہ پدی ساھنت
ئکن پرواہ ، ئکن پرواہ

۹- نصیر ، پرچہ ءِ گرھینں جیلءِ تہ ءَ
کالاں گوئشیت ، تنہا
جہانے چیشی آگاھنت
ئکن پرواہ ، مکن پرواہ

(س ج - پرچ ۸ ستمبر ۱۹۶۲)

(۱۲)

## نہ کر پرواہ

۱۔ زمین ہے سرخ یا ہے سیاہ
نہ کر پرواہ نہ کر پرواہ
اِنہی اُونچی چٹانوں سے ہے تیری راہ
نہ کر پرواہ ، نہ کر پرواہ

۲۔ ہزاروں پہلے گذرے ہیں
اِنہی پگڈنڈیوں سے، اور
اِنہی دشوار گھاٹوں سے
یہاں سے جاتا ہوں مَیں
گذرنا ہے کٹھن
اور ساتھ ہی سر کا زیاں بھی ہے

ہمیں جانا ہی ہے ساتھی !
نہ کر پرواہ ، نہ کر پرواہ

۲۔ ہزاروں لوگ اِن رستوں سے آخر کو
پھسل کر گِر پڑے بھی ہیں
ہزاروں لوگ ان رستوں سے آگے بھی
گذر کر جا چکے کب کے
مڑوں اور ہڈیوں کا ڈھیر دیتا ہے گواہی
پر ، ہمیں جانا ہی ہے ساتھی !
نہ کر پرواہ ، نہ کر پرواہ

۴۔ اگر تو چاہتا ہے یہ وطن ہو
ڈاکوؤں اور رہزنوں سے پاک اور
محفوظ اور مامون
تو آگے بڑھ

کنواں گر سامنے آئے
نہ کر پرواہ، نہ کر پرواہ

۵۔ نہ اس کو دیکھ تو
ان سامراجی مُردہ خوروں سے لڑائی میں
کہ کالی رات ہے۔
یا چاندنی ہے۔
ہم کو لڑنا ہی تو ٹھہرا ہے۔
نہ کر پرواہ۔ نہ کر پرواہ

۶۔ یہ بے بنیاد ماڑی
سونے اور چاندی کی اینٹوں سے
ہوئی تعمیر ہے جس کی
گرادی جائے گی اک دن
اگر ہو چور شہ بھی تو

نہیں ٹھہرے گا، پھر بھی
سامنے مالک کے دم بھر کو
یہ گیدڑ بھبکیاں ہی ہیں
نہ کر پرواہ، نہ کر پرواہ

۷۔ یہ بُت ٹوٹے گا۔
جو توپوں سے اور جنگی جہازوں سے
بشر سے سجدہ کرواتا ہے اپنا
بَل پہ طاقت کے
اگر وہ آج ہے بدمست و گمراہ
رہے گا کل نہیں ایسا
نکل جائیں گے بَل اس کے
نہ کر پرواہ، نہ کر پرواہ

۸۔ نہیں ہوں گے ہمارے واسطے

زندان اور دارورسن دائم
یہ پکی بات ہے۔
اب ظالموں کا آخری دم ہے۔
نہ لا خاطر میں اب ان کو
نہ کر پرواہ ، نہ کر پرواہ

۹- نصیر، جیل کے بڑے زندان میں ہے
یکہ و تنہا
یہ دُنیا جانتی ہے۔
ایسے وہ اشعار کہتا ہے۔
اِن زنجیروں کی اب ساتھی!
نہ کر پرواہ ، نہ کر پرواہ

(۱۳)

# وَمے بوشت بیلی!

۱۔ مروچی منی دِل گھمانی شکارِنت
گوں ارساں بلوریں دِل ءِ جون اوارِنت
گرُنذِنت و گوانِنت وتوُ یان وھارِنت
وَمے بوشت بیلی! کہ دھنز و تہارنت

۲۔ رَوَے دِیرہ زاناں گوں بَڈّ ءَ دو بَندیں
چہ گَڈّ ءَ دتلاراں و کوھاں کمندیں
تئی دِرّیں دشمن چو گرگ ءَ ھشارِنت
وَمے بوشت بیلی! کہ دھنز و تہارنت

۳۔ توَے یکہ و بے سِلاح ءِ بے مَددگار
تئی برات دانبت لوگاں من بے سار
جھنگ اَپچ پڑ ءَ، پرتو زاناں ھشیارِنت

دمے بوشت بیلی! اکہ دھنز و تہارنت

۴۔ مگھو زِنت دشمن، گوں زرّ و تلاھان
در پیس سامراج ءِ گوں زکیں سلاحان
اے اُشپان ءِ تو لگ، پیشا مزارنت
دمے بوشت بیلی! اکہ دھنز و تہارنت

۵۔ نہ بیت دیر، بامگاہ کاپُور دھنزیت
چہ سہوریں گوئزند ءَ سحر زہیر شنزیت
گوں سہوریں جلبئو، سوب یلان ءَ فہارنت
دمے بوشت بیلی! اکہ دھنز و تہارنت

۶۔ جہان روشنا بیت، تر پنت ڈن و کہسار
درا بنت روباہ و گرگ و سیاہمار
گوں داس و کُدینگ، جہان ءِ بہارنت
دمے بوشت بیلی! اکہ دھنز و تہارنت

،۔ دمے بوشت، ورنا ئیلیس سنبھران ٹت

چہ ترسءَ جُہوُدانی سرڈنبھران ٹنت

نصیرءِ مس گوشاں ئیلانی توارِ نت

دمے بوشت بیلی اکہ دھنرو تہارِ نت

س ۔ ج ۔ پَخَ ۱۹ ستمبر ۱۹۶۲ ر

(۱۳)

# ٹھہر دم بھر کو ساتھی!

۱۔ غموں کا صید ہے آج دل میرا
اور میں تڑپتا ہوں
بلوریں آنسوؤں کے ساتھ
دل کا خوں بھی شامل ہے
گرج ہے آندھی ہے، طوفان ہے
سیلاب آیا ہے۔
ٹھہر دم بھر کو ساتھی!
کہر ہے، اب تک اندھیرا ہے۔

۲۔ مجھے معلوم ہے ساتھی
کہ تم کو دور جانا ہے۔

اٹھائے بوجھ دُکھ کا، پُشت پر

ان گھاٹیوں لمبے راہ چٹانوں

اور ان اونچے پہاڑوں سے گذرنا ہے

تیرا مکّار دشمن

بھیڑیے کی طرح

تیری گھات میں ھشیار بیٹھا ہے

ٹھہر دم بھر کو ساتھی

گھر ہے اب تک اندھیرا ہے

۲۔ اکیلے ہو

نہیں ہتھیار تیرے پاس

اور تیرا معاون بھی نہیں کوئی

تیرے بھائی

گھروں میں سو رہے ہیں

اور غافل ہیں

مجھے معلوم ہے۔
میدانِ جنگ سے بھاگنا
ترے لئے معیوب ہے لیکن
ٹھہر دم بھر کو ساتھی!
سحر ہے، اب تک اندھیرا ہے

۴۔ بہت مغرور ہے دُشمن
اسے ان سامراجی دہشت انگیزوں نے
ڈھیروں سونا، چاندی
اور جدید ہتھیار بخشے ہیں
یہی تو بات ہے ساتھی!
کہ زنبیلیںؔ چرانے والا گیدڑ بھی
بنا پھرتا ہے شیرِ بیشہ

ؔ کھال کا بنا ہوا تھیلا۔

تیرے کوہساروں میں
ٹھہر دم بھر کو ساتھی !
کہر ہے ، اب تک اندھیرا ہے

۵- نہیں دیر اس میں اب
جب صبحدم کا نور پھیلائے
اور تڑکا نور کا ہو۔ سُرخ افق پر
بہادر نوجوان اب جلد ہی صبح منوّر کو
لے آئیں گے کھینچے
نور کی گل رنگ طنابوں سے
ٹھہر دم بھر کو ساتھی !
کہر ہے اب تک اندھیرا ہے

۶- جہاں میں روشنی پھیلے گی
کوہستان اور وادی ضوفشاں ہوں گی

نظر آئیں گے تب
رو باوگرگ و ناگنیں کالی
ہتھوڑے اور درانتی کے نشاں سے
پھر بہار آئے گی دنیا میں
ٹھہر دم بھر کو ساتھی !
گھر ہے، اب تک اندھیرا ہے

۷ ٹھہر دم بھر کو ساتھی
اب بہادر نوجوان نیا رہو کر
اٹھنے والے ہیں
اور ان کے ڈر سے
بوجھل ہو رہے ہیں۔
سر بڑے سرمایہ داروں کے
اب کانوں میں نصیر کے پڑ رہی ہے
صاف آواز، ان جوانوں کی

ٹھہر دم بھر کو ساقی

کہ ابھی تک اندھیرا ہے۔

(۱۴)

# دنیا ءِ دور

۱۔ اِستار مچاں مس پچیرو دھشرشت
پاھار دِل ءَ چو نود شنزشت
موجانی زِرءَ چو کلکلیں ارس
دُرّو گوھراں املیں درھشرشت

۲ دل چو کبس ءُ مس بندیں توتی
ہر وَھد ءَ شِلیت دُرّو موتی
دیر بالیں گُمان، وَھد و بے وَھد
ریتراں گوں زھیر ءِ بیت دُرُوتی

۳۔ زنداں ءِ مجُیں مس یکتنائی
بیت پکّہ و گمُان ءَ روشنائی
صورت عجبنت دِل ءِ مچشُدین

کنت سیاہیں شپاں گوں آشنائی
ظُلمانی زِراب و سیاہیں جمبر

٤- ماتی وطن ءِ سرءَ تنت آسر
بیداد و مداداں پر گھمیں دل
گِندیت و سُچیت چو آس وانگر

٥- تاں کدءَ اے ستم، اے لُٹ و کُٹّار
تاں کد، اے سرانی رون و بومبار
دستاں پہ دُعاءَ رَبّی مدارت
عرض و خبرءَ گوں شرّیں بنت کار

٦- دستاں بکنیت دِل ءَ گوں ہمراہ
بید سہوریں پٹّءَ، نہ انت دِگر راہ
ترُنپ سہوریں ھدیں کپنت تلاراں
دت سار کنت اے ڈنگ و گمراہ

دنیاءِ ہمیش اِنت دود و دستور
زُلم ءَ گوں رَسنت جنّت و جُور

زندءَ چہ گُلامی و عذاب ءَ
ننگدار کننت مرگ ءَ منظور

(ر س ج ساھیوال ۳۰ راگست ۱۹۶۸)

(۱۴)

# دنیا کی ریت

۱- ستارے بادلوں کی اوٹ سے دھندلے سے لگتے ہیں
پھواریں حسرت و ارمان کی دل پر بکھرتی ہیں
سمندر رگوں، تموّج خیز، طبعِ اضطراب انگیز
دُر و گوہر کی مینہ برساتی ہیں آنسو بھری آنکھیں

۲- قفس میں بند طوطی کی طرح مغموم دل میرا
بکھیرے ہے سدا، اشعار میں الفاظ کے موتی
مری فکرِ بلند پرواز، اپنی موج میں آ کر
غمِ فُرقت کے تیروں کو اٹھا کر چوم لیتی ہے

۳- دھند لگے اور تنہائی میں اس سنگین زِندان کی

میرے فکر و تخیل پہ شعاعِ نور پڑتی ہے
عجب حالت ہے میرے اس دلِ بیباک کی یارو!
سیہ راتوں سے اپنی آشنائی بھی رہا ہے ہے

۴۔ یہ شعلے اور یہ کالی گھٹا ظلم و تعدی کی
لپکتے اور منڈلاتے ہیں سرتا سر وطن پر جو
نظر اس ظلم و سفا کی پہ جب بھی میری پڑتی ہے
تو میرے تن بدن میں آگ سی لگ جاتی ہے ایسی
کہ جل کر سرخ انگارا سا بن جاتا ہے دل میرا

۵۔ ستم ہوں گے یہ کب تک اور یہ غارتگری کب تک
سروں کی فصل آخر تا بہ کے کٹتی رہے گی یوں
دعا کو دوستو! اب ہاتھ پھیلاؤ نہیں اپنے
کہ عرضِ مدعا سے کام کب سنبھلے ہیں دنیا میں

١٦- کہ دابِ دل کے ہمرہ ہاتھ بھی اپنے جدا نہ کر دو !
کہ اب تو سرخ میداں سے الگ رستہ نہیں کوئی
چٹانوں پر گریں گے سرخ قطرے جب تو دیکھو گے
کہ یہ گمرہ لٹیرے ہوش میں خود آ ہی جائیں گے

، طریقہ ہے یہی دنیا کا اور دستور بھی یہ ہے
ملا کرتی ہیں تلواروں سے جنت اور حوریں بھی
ہمیشہ سے غلامی کی الم زار زندگانی پر
حیا کے پاسباں مردوں نے دی ہے موت کو ترجیح

# ۱۵

## هَوَس

۱۔ نہ دارگانی جہان وَش اِنت دُر رنجادانی
بلے ہمو داں کہ دُنیا اِنت بامرادانی

۲۔ جہان، وَتی دِل ءِ مُیل ءَ ہُنیتگنت وتی
بلے گوں حوناں، مگہ بُزرگ ءِ صیّادانی

۳۔ دو صد ہزار اگاں گُنٹھ درکپنت چی باک
چمن بہشت بیت نازکیں پھُل سوادانی

۴۔ کدی، کدی من گوشتاں اِحون وحید ءِ بوتُر ندین
نہ وُش نہ اِنت چہ بو ءَ دُن و زُبادانی

۵ کدی کدی من گوئشان۔ زندگی منٔ زِندانٔ ءَ
ہزار رگیتہ رنت ، مُحتاجی ءَ ھُبّ دانی

۶۔ کدی ، کدی من گوئشاں رِیک وشاک تیرانی
زیادہ وَش اِنت چہ گوٗکار ءَ زِندہ بادانی

۷۔ گوٗئشاں کہ لُنجّیں شپ ءِ سیاھی ، زِرِنگّ ءَ چِیّیت
کہِ تُرند و تیزِ بیت روچ حساب و دادانی

۸۔ زمانہ ، صد وڑ و صد رنگ ءِ حلکوکاں دارِیت
منی زِل ءَ ھَوَس انت گرئند و گرد بادانی

۹۔ نہ زاناں من ، آگاں باوَر کنئے دِل ءِ حال ءَ
برَے تنوٗب ءِ شکار ِ رنت ، برَے پرادانی

۱۰۔ بَرے چو رنگ وچو پولات ءَ تنگ وبنگین اِنت
بَرے چو زمین آنارکان اِنت وَش نیا دانی

۱۱۔ زبان نصیرءِ پمیشا چو تحّل و زبرا گنت
کہ دردی مان اِنت دِل ءَ، بزگ و شپادانی

(س۔ج ساھیوال ۲۳ نومبر ۱۹۶۸)

(۱۵)

## ہَوَس

دُرنشزادوں کے نظاروں کا جہان
ہے بہت خوب مگر
بامرادوں کی جو دُنیا ہے وہاں

جہاں آزاد مَنِش لوگوں نے
چاہتوں اور تمنّاؤں کو صورت دے کر
خود ہی دُنیا ہے سنواری اپنی
اِن درندوں کے لہُو سے
جو غریبوں کو کیا کرتے تھے ہر وقت شکار

کیا بُرائی ہے جہاں گُلشن سے
چند کانٹے جو نکالے جائیں

یہ گلستان، گل اندام حسینوں کے لئے
ثانیِ فردوس کا بن جائے اگر

کبھی کہتا ہوں کہ
خون اور پسینے کی یہ باس
نہیں کمتر کبھی خوشبوئے زباد[۱] و دُن[۲] سے

کبھی کہتا ہوں کہ
بہتر ہے کئی بار وہ زیست
جو کہ آلام میں زنداں کے بسر ہو جائے
زندگانی سے، جو محتاجِ قباد ہو کے رہے

کبھی کہتا ہوں کہ

۱، ۲ : دو بلوچی خوشبوؤں کے نام

بہتر ہے بہت
چیختی گولیوں کا شیون و شور
شور سے نعروں کے جھنکاروں سے

۷ کبھی کہتا ہوں کہ
اچھا ہے شبِ سیاہ، کہ ہو
قیرگوں تیرہ و تار
تاکہ جب روزِ حساب آ جائے
تُند اور تیز لیا جائے حساب

۸ اِس زمانے کے ہیں سو رنگ، ہزاروں جلوے
کیا کروں دل کو مگر
یہ تو سودائی ہے
برق و باراں کا، طُوفان کا تمنّائی ہے

۹۔ اور اگر تم کو یقیں ہو تو کہوں
میں نہیں جانتا احوالِ دلِ مضطر کا
کبھی شیدائیِ سطوت ہی رہا
اور کبھی گریہ و زاری سے نڈھال

۱۰۔ اور کبھی پتھرِ دِ، فولاد کی مانند ہے سخت
اور کبھی خوش طبع محبوبہ کے عارض کی طرح
نرم و گلگونہ و شاد

۱۱۔ تلخ و بُرندہ ہے گفتارِ نصیرؔ
کیونکہ رکھتا ہے وہ دل میں اپنے
بھوکوں، ننگوں کے رلئے دردِ گراں

(۱۶)

# منزل دیر نہ انت

۱۔ دیما، دیما کہ نیں منزل چہ نظر دیر نہ انت
راہ پیچا کنت، بلے پادانی زمزیر نہ انت

شپ سیاہ انت بیں، پدی پہرءِ من زنداں کپتگ
بام ءِ بہ مشکیں دمگ، ہر گوڑ و کنڈاں کپتگ
تنگ نالانیں سحرءِ، کوہ و کنڈاں کپتگ

وخد ہمیش انت کہ چو گرد نپگیر نہ انت
دیما، دیما کہ نیں منزل چہ نظر دیر نہ انت

۲۔ ظلم ءِ ماڑی ءِ سرءَ کپتہ، زمین چنڈی گرنگ

ھار وھیرو پاں جبتہ، پُروشتہ زیرءِ زنڈیں دوبند
زوراں دَسگیر نہ بنت گھرِب ءِ نبیں گوشنڈیں کمند

اِنکلاب، سامرءِ دلاں پہ تَنگہ شیر نہ اِنت
دیما، دیما کہ نبیں منزل چہ نظر دیر نہ انت

۳- بَرَلُشک دَنت جہجتگیں سَگھرِءِ سھورموشیں گوپڑند
ڈُھڈکنگ نگریں بیراں دِلاں حون جوشیں پہ زند
سامراجیاں، یلاں دانتہ سَگر پُروشیں گزِنند

ایشیا، ڈنگیں پہ تگانی نبیں جاگیر نہ انت
دیما، دیما کہ نبیں منزل چہ نظر دیر نہ اِنت

۴- یک اُرُشتے دِگہ، یک ھَکل و رکیکارے دِگہ
یک دِگہ دَھکّے جُبَل چُنڈیں و شیکارے دِگہ

یک دِگہ بُنگو تُجیں ٹیلانکے دِ ٹیکارے دگہ
جلوہ ناکیں سحرِ وسوب ءَ مں تاثیرِ نہ اِنت
دیا، دیا کہ نیں منزل چہ نظرِ دیرِ نہ اِنت

۵- سنگتاں! سَتّس وَ مرا ءَ گوں پُرزنبہت دیا
ھار وھیرِ وپ وچو توپان ءَ بُجُنبہت دیا
انکلاب ءَ گوں گرَندان ءَ بُگُبنہت دیا

مئے شُمئے دیا، دِگہ راہ، دِگہ تدبیرِ نہ انت
دیا، دیا کہ نیں منزل چہ نظر دیر نہ انت

(س - ج - ساھیوال ۴ دسمبر ۱۹۶۸ء)

(۱۶)

# منزل دور نہیں

آگے، آگے بڑھاؤ قدم

دُور منزل نظر سے نہیں ہے اَبھی

راہ پیچیدہ ہے، شک نہیں

لیکن زنجیرِ پاء تو نہیں ہے ابھی

اب شبِ سیاہ کا آخری پہر ہے۔

اور بیٹھی ہے اُکڑُوں وہ تھک ہار کر

صبحدم اَب ضیا بار ہے ہر طرف

اور پہاڑوں کے ہر گھاٹ و ہر کنج پر

دل آویز و سیمیں افق سے سحر

ضیا پاش اور نور افشاں ہے

سنہری شعاعوں کی برسات میں

سُہانا یہی وقت اور پہر ہے۔

اور، فضا میں گھٹن اور گھٹن بھی نہیں
آگے آگے بڑھاؤ قدم
دُور منزل نظر سے نہیں ہے ابھی

۲۰ ظلم کی اونچی ماڑی پہ بجلی گری
کتنے سیلاب اور کتنے جھکڑ چلے
اور سرمایہ داروں نے باندھے تھے بند
سونے چاندی کے سکوں سے وہ بہہ گئے
جو کمندیں کہ مغرب نے دی تھیں انہیں
وہ تو بامِ عزائم سے چھوٹی پڑیں
یہ بھرپور، طوفان بدوش انقلاب
سامراجی دلالوں کے حق میں کبھی
شیر و شکر کا جامِ حسیں تو نہیں
آگے، آگے بڑھاؤ قدم
دور منزل نظر سے نہیں ہے ابھی

۳۔ دُور مشرق کے تمتموں افق سے، نئی
اِک درخشاں صبح ہو رہی ہے طلوع
کچھ جیالے جوانوں نے سر جوڑ کر
کیا ہے اب آزاد جینے کا عزم
سامراجی درندوں کو بھی گھیر کر
ارضِ مشرق میں آخر کو دی ہے شکست
فرنگی لٹیروں کی جاگیر اب
نہیں ایشیا کی وسیع سرزمین
آگے، آگے بڑھاؤ قدم
دور منزل نظر سے نہیں ہے ابھی

۴۔ بس اِک اور حملہ، اِک للکار اور
بس اِک اور نعرہ، اِک دھتکار اور
بس اِک اور مضبوط ٹھوکر لگے
دہل جائیں جس سے پہاڑوں کے دِل

جو مضبوط اِک اور ٹھوکر لگے
اُکھڑ جائے بنیاد سے سامراج
طلوعِ صبحِ فتح مندی ہیں اب
علاماتِ تاخیر باقی نہیں
آگے، آگے بڑھاؤ قدم
دُور منزل نظر سے نہیں ہے ابھی

۵- بڑھو ساتھیو! آگے، آگے بڑھو
اور ہمت سے، جرأت سے بڑھتے چلو
اٹھو، بن کے طوفان، جھکڑ اٹھو
بڑھو بن کے سیلاب بڑھتے چلو
، گرجتے رہو، برق بن کر گرو
ہمارے لئے دوسرا راستا
اب کوئی نہیں ساتھیو!
آگے، آگے بڑھاؤ قدم
دور منزل نظر سے نہیں ہے ابھی

۱۷

# زِندان ءِ شپ

۱۔ شپ سیاہ دیمیں کئیت زِندان ءَ
گوں زھیرانی دردو تیرو کان
دِل گمانان گوں رُوت گِندان ءَ
دم دم ءَ پکرءِ چپکیں گردکان

۲۔ یات گتّانی کئیت دِل ءَ دوستیں
زِربگاں گوں مشاں دِل ءِ بندان
زِندگانی دمانے ، بے اُوستین
یکتنائی ءَ وَش نزانت چِندان

۳۔ شپ کِیبت ، بِنیشرِیت دِل چُھلّیں

جھوئیں پکرانی شنزنت لودسرءَ
سرکپیت ترانگان ، گران مُلّیں
مرُمانی، کہ دیرنت اَپچ نظرءَ

۴۔ پکر و تلوسگاں گوں دِل سوچین
ایر پرچینت مں سرءَ درھدیں ادمان
گوں زھیرانی درشاں دِل دوچین
چست بنت گران و مچ مچیں ارمان

۵۔ دِل چو توتی ءَ مں کبس بندین
پلپلیت توزیت چہ پائی
تبرءَ دور کنت بُت ءَ شندین
بیوش کہ تا رُوگ ءَ چوّل دریائی

۶۔ کدی اَنڈیم بنت ، کدی بنت درا

مہکلیں دوست و بیرمیں سنگت

من گمانانی گردکی ئیں نظرءَ

سارت وھیکیم، دل نہ بیت انگت

۷۔ شپ سیاھین و گوری تہنائی

لاپ ءَ من اژدھاریں زندانءِ

واھگاں پہ جہنّم اِنت جائی

قاتل اِنت رُوح ءِ و دشمن انت جانءِ

۸۔ مارا آنگت قبولنت تن زندءَ

ما پہ ماتی وطن جنوں ٹناھان

گِراں ترنت نگ، اَیَح وَتی جِندءَ

مذری گردینوں شکلتیں ساھان

۹۔ رشنیں دِل مں تراتکاں کپتگ

گوں نصیرءَ نہ بیت ساڈینگ
پکہ و رہرانی مہپراں گوٹپتنگ
پہ زہیرانی کیپۓ چاڑینگ

(س۔ ج۔ کراچی ۲۲ر اکتوبر ۱۹۶۵ء)

(۱۷)

# زِندان کی رات

۱- شب سیاہ رُو، لپکے یادوں کے
دردھائے گِراں کی ٹیس چبھن
ٹوٹ پڑتی ہے آکے زندان میں
دِل، تصوّر کا ہمنوا ہو کر
دیکھ لیتا ہے ہر دَم و لحظ
برقِ فکر و نظر کی کوند، لپک

۲- یاد اُن کی جو دل کو پیارے ہیں
کھُردراہٹ سے دل کو ملتی ہے
زندگی بے بھروسہ لمحہ ہے
اور تنہائی میں نہیں اچھی

رات آتی ہے، پھول جیسا دِل
بجھ کے پژمردہ ہو ہی جاتا ہے
گہری ٹکڑوں کے مُلگجے بادل
اس پہ چھا جاتے اور برستے ہیں
اور کھو جاتا ہے خیالوں میں
اُن گراں مایہ دوستداروں کے
جو بہت دُور ہیں نگاہوں سے

۴۔ دل جلا دینے والے اندیشے
اور، فکر و خیال کے وسواس
آرزوؤں کے موجزن لمحے
ساتھ لے کر، اُمڈ کے آتے ہیں
بن کے دِل دوز نشتر و سُوزن
آرزو دِل پہ وار کرتی ہے
دردِ فُرقت سے دھندلے گرد و غُبار

بن کے ارمان، دل سے اٹھتے ہیں

۵۔ بند طوطے کی طرح پنجرے میں
دل مچلتا ہے، پھڑ پھڑاتا ہے
جسم درماندہ و پریشاں کو
اور بھی زیادہ یوں دُکھاتا ہے
جیسے کف بار موجیں دریا کی
ایک پیراک کو تھکاتی ہیں

۶ کبھی پوشیدہ اور کبھی ظاہر
ماہ رُو دوست، شیر دل ساتھی
جلوے دکھلاتے ہیں مجھے اپنے
نگہ برق دم تصوّر میں
پھر بھی تسکین دل نہیں ہوتی
اور نہ دل کو قرار ملتا ہے

۷۔ شب سیہ، قبر کی سی تنہائی
تیکم اژدہائے زنداں میں
آرزوؤں کے واسطے بے شک
اک جہنّم ہے، بلکہ اُس سے بتّر
قاتلِ رُوح و دشمنِ جاں ہے

۸۔ زندگی بھر قبول ہے پھر بھی
ہم کو آزادیِ وطن کے لئے
قید و زندان کی، یہ تنہائی
ہم نے جو مادرِ وطن کے لئے
شرط پر رکھ دیے ہیں سر اپنے
اِس کو پایا ہے سرفروشی سے
لاج پہ اپنی کٹ کے مر جانا
شرمگیں زندگی سے بہتر ہے
اس لئے زندگی کو ہم اپنی

کرتے ہیں اپنی آبرو پہ نثار

۹۔ آج دل کھو گیا خیالوں میں
اور نصیرؔ اس کو، لاڈ کے با وصف
صبر و تسکین دے نہیں سکتا
گیسوئے شوق کو تصوّر نے
پیار کے دوش پہ سنوارا ہے
اور پُر کیف جام، یادوں کا
خواہشوں نے اُسے پلایا ہے

(۱۸)

## دانشور و سرمایه دار

۱۔ توئے گوں نزّاں لئیب کنانئے
من که نه زِنداں نان
توئے وت ءَ دانا زانئے پمیشا
اَوْ توئے من ءَ نادان

۲۔ عِلم ءِ توُب ت ءُ نه زانئے
عالِم بیتئے جوڑ
عِلم ءِ زِر ءِ من تاڑُو گے یاں
جاهِل زانگ بان

۳۔ عقل تئی کپتگ منی گُڑِیگ ءَ
پهم تئی لاپ ءَ
عقل و پهم ءِ دریا باں من

## چادِیگ گوُشت بیان

۴- بے کارءَ توءَ دپتر ءَ رنندے
یا کنےَ لوگ ءَ واب
موٹلاں گردے، ماڑِیاں ہنڈے
ہرچی بے پاوان

۵- جنگاں کارءَ، روچ وشءِ من
چموّں پہ واب ءَ کور
پیادگیں پاداں راہ ءَ رواں من
ھارِبیت یا تُو پان

۶- رنگ محلاّں شادِہ وعیش ءِ
کیئت تئی ٹھکار
صدر نشین ءِ سیاست و علم ءِ

ہرجہ ببیت دلِوان

۷- من گوں دَتی دراہ علم و کمالان
اُودان نہ گندان راہ
اَشکنان دِیرءَ آپ، من کدی تئی
پُونڈِ تچیں گپّان

۸- تو دَتی زردءَ ہرچی بزانئے
راستیں گپ انت ایش
ٹھگّے بیَ، آپ مَنڈر و پریبان
پُرّنت تئی آنپان

۹- رپیبنئے تو واھرو گھریبان
گیجبے زرّ ءِ وام
رمیزان، رمیزان حونانی پُوشئے

دوڑی ئیے بے جان

۱۰۔ کارجہ ورِلاں گرانیں بندے
لکھ و کروڑاں گوں
مزدورۓ اِچ واھری ءَ گیشیں
بُرمح کنئے گنجان

۱۱۔ دولت ءَ قوم ءِ، کارے دست ءَ
چکے دارے مال
منڈی ءَ زمیں نیھر ءَ بندے
کروڑ کنئے ملکھان

۱۲ اُفسر و حاکم، قومی دیوان
بنت تئی دستگیر
جھل ءَ، بزر ءَ، چاریں گنڈان

بیت تئی حکم رواں

۱۳- واھر و گھریب نئی دستاں چارِنت
حاکم تئی جیب ءَ
شاعر و عالم، مُلّا و مُفتی
نزیرنت تئی پرمان

۱۴ اَرچ تئی مندرو استادیاں
من نہ کناں اِنکار
مردمے شرّیں گوشت نہ بے توءَ
اَستے توءِ شیطان

۱۵- حونان چُوشے انسانانی
اَو، مکاری تئی کار
گرکے، زراگے، ھرچی اَستے

## نیبے بلے انسان

۱۶- روچ تئی چارنت عیش ءِ جہان ءَ
گُدّی روچنت تئی
پیدا کنت تئی نگارکنوکین
مارکسی ، سنگتان

۱۷- بزگر و کاری ، پر تئی گاری
بستگنت محکم سرین
گارکننت تئی نام و نشان ءَ
ھنکیں بیت تئی زبان

۱۸- ملتنت ہر دیں بیریں چوٗ کتان
کشتہ سبزیں زخم
آ روچ تو منئے گوں نصیر ءَ
آ دانا ، تو نادان

(س - ز ح - کراچی / ۲ / اکتوبر ۱۹۷۵)

(۱۸)

# دانشور و سرمایہ دار

۱۔ مال و دولت سے کھیلتے ہو تُم
اور روٹی مجھے نہیں ملتی
اِس لیئے اپنے آپ کو دانا
اور ناداں مجھے سمجھتے ہو

۲۔ باوجود اِس کے علم کا بے تے
تم نہیں جانتے مگر، پھر بھی
خود کو عالم شمار کرتے ہو
مَیں کہ ہوں بحرِ علم کا تیراک
مجھ کو جاہل خیال کرتے ہو۔

۳۔ عقل تیری گری ہے ایڑی میں
اور سمجھ بوجھ، پیٹ میں تیرے
پھر بھی کہتے ہو خود کو دانشور
اور مجھے، جو کہ عقل و دانش کا
ایک دریا ہوں، موج زن، پُر جوش
احمقوں میں شمار کرتے ہو۔

۴۔ جا کے دفتر میں بیٹھ جاتے ہو
یا پڑے گھر میں سوئے رہتے ہو
گھومتے موٹروں میں پھرتے ہو
شان سے ماڑیوں میں رہتے ہو
ہر شَئے حاصل ہے تم کو بے پایاں

۵۔ کام میں رات دِن جُتا ہوں میں
آنکھیں اَب نیند کو ترستی ہیں

آندھی آئے کہ یا اٹھے طوفان
پا پیادہ ہی راہ چلتا ہوں

۶۔ رنگ محفلوں میں عیش و عشرت کے
آتی ہے تیرے قہقہوں کی صدا
علم کی بزم ہو کہ سیاست کی
تُم ہی ہوتے ہو اُس کے صدر نشیں

۷۔ مجھ کو علم و کمال کے باوصف
راہ ملتی نہیں وہاں اکثر
دُور سے میں کبھی، بِلا خواہش
لغو باتیں تمہاری سنتا ہوں

۸۔ دل میں تم خود کو جو سمجھ بیٹھو
بات سچ اور صحیح مگر یہ ہے

ٹھگ بھی ہو اور شعبدہ باز بھی ہو
اور مکر و فریب سے پُر ہے۔
تیری زَنبیل خودنمائی کی

۹۔ دھوکہ دیتے ہو تم غریبوں کو
اور بچھاتے ہو دام دولت کے
پھر بتدریج چوس لیتے ہو
تن بدن سے تم اس کا خون تمام
کر کے بے جان پھینکتے ہو اسے

۱۰۔ کارخانے بڑے، ملیں لمبی
تم بناتے تو ہو کروڑوں سے
زیادہ محنت سے مزدکاروں کی
گنج و دولت سمیٹ لیتے ہو۔

۱۱۔ نوٹ دولت پہ کرتے ہو قبضہ
اور سب مال روک رکھتے ہو
نرخ پھر باندھتے ہو منڈی میں
خرچ کرتے ہو چند لاکھوں میں
اور کما لیتے ہو کروڑوں میں

۱۲۔ حاکم اور افسرانِ عالی جاہ
اور قومی اسمبلی کے وکیل[1]
ہاتھ میں ہوتے ہیں تمہارے سب
اور پھر چار دانگِ عالم میں
بس تمہارا ہی حکم چلتا ہے

۱۳۔ لوگ دیکھیں تمہارے ہاتھوں کو
حاکموں کی نظر ہے جیبوں پر

---

(۱) ممبر

شاعر و مُلّا ، عالم و مُفتی
سب تمہارے ہی حکم کے تابع

۱۴۔ تم ہو ایسے فریب کے ماہر
بات جاتی نہیں کوئی خالی
آدمی ، ہاں نہیں ہو تُم اچھے
رُوپ میں آدمی کے شیطان ہو

۱۵۔ خون انسان کا چُوستے ہو تُم
تم کو مکاریوں سے کام ہے بس
بھیڑیئے ہو کہ جھونک ہو ، کیا ہو
لیکن اِنسان نہیں ہو تم ہرگز

۱۶۔ چار دن اور عیش کرلو تم
آگئے اب تمہارے آخری دن

آ رہے ہیں تمہیں مٹانے کو
سرخ پرچم کے پُرغضب ساتھی

۱۷- تمہیں نابوُد و نیست کرنے کو
کس کے باندھی کمر ہے یاروں نے
بے نواہاریوں، مزدوروں نے
تم کو نابود کر کے چھوڑیں گے
اور گھر بار بھی مٹا دیں گے۔

۱۸- چاک و چوبند یہ دلیر جوان
سونت کر آبدار شمشیریں
جب تمہارے خلاف اُٹھیں گے
پاس آ کر نصیرؔ کے اس دِن
تم یہ کرو گے خود بخود تسلیم
کہ وہ دانا ہے اور تم نادان

(١٩)

# یاگھی یاں

١- من آچاں، گُردکاں، شمشیراں
من توپاں، بماں، بیرگیراں
من ھکّل وڈّاہ و تکبیراں
ظلم ءِ گوں مڑاں، من یاگھیاں
من یاگھیاں، من یاگھیاں

٢- من بندہ نہیاں، من آزادان
من راج نہیاں، من وتسیادان
من دُزوہ نہیاں، من امدادان
من گُڈنگ نہیاں، من یاگھیاں
من یاگھیاں، من یاگھیاں

۳. من تنگہ ، تِلاءَ زَرتّ نہ کنان
زَرتّءَ پہ ، وطن من لَبّ نہ کنان
من بِھینگّی پہ نان ءَ ھَبّ نہ کنان
من کارِیاں ، من یاگِھیاں
من یاگِھیاں ، من یاگِھیاں

۴. گوں تِیرو تپنگاں لَیب کنان
ڈنگانی من راج ءَ گَھیب کنان
مُپشت واری ءَ جُرم و عیب کنان
جاگیراں پُلاں ، من یاگِھیاں
من یاگِھیاں ، من یاگِھیاں

۵. حقاں پہ قَوّی من جنگ کنان
حوناں گوں زمین ءَ رنگ کنان
من قوم ءِ بداں دِل تنگ کنان

من حق گوشتاں ، من یاگھیاں
من یاگھیاں ، من یاگھیاں

۶۔ من لٹ وپل ءَ گٹ گیر کناں
بنگو بج کناں ظلم ءَ زیر کناں
ماتی وطن ءَ "نوک بیر" کناں
آزاتی کناں ، من یاگھیاں
من یاگھیاں ، من یاگھیاں

۷۔ من کاری دِھکان ہورکناں
زنڈ پاگیں دھنیاں گورکناں
بیتانی حساب ءَ کورکناں
ھدڈانش درشاں ، من یاگھیاں
من یاگھیاں ، من یاگھیاں

۸۔ دیما منی کوشتنت ڈنگ کَدی
پیتواری ءِ ھینزیں کنگ کدی!
گٹ گیری کناں، من یا گھیاں
من یا گھیاں ، من یا گھیاں

۹۔ گھڈا رانی گردن تاب دَیان
سیاھوشیں ڈلانزش واب دِیَان
من جنگ ءِ پڑ ءَ، کدجاب دُیان
چو بھیرءَ کپان، من یا گھیان
من یا گھیاں، من یا گھیان

۱۰۔ اے شُوم ونگھوریں دُزپالان
درُنگی چپلنڈیں دَلاّ لان
کشتاں چہ وطن گوں نبڈُّ الان

چکچینی کناں ، من یا گھیاں
من یا گھیاں ، من آ گھیاں

۱۱۔ مئے لیب سراں گوں جاری انت
دائم گوں نصیرء یاری انت
دوُر آختہ گھریب ءُ باری انت
من جاری جناں ، من یا گھیاں
من یا گھیاں ، من یا گھیاں

(س ۔ ج ۔ کراچی ۱۱/ اگست ۱۹۶۵ء)

(۱۹)

# مَیں باغی ہوں

۱۔ مَیں آگ ہوں
میں برق ہوں
بُرّندہ میں شمشیر ہوں
مَیں جنگ کی للکار ہوں
خطروں میں مَیں ھُشیار ہوں
مَیں جیت کی جیکار ہوں
میں لڑ رہا ہوں ظُلم سے
باغی ہوں مَیں، باغی ہوں میں

۲۔ مَیں نہ کسی کا ہوں غلام
مَیں بندۂ آزاد ہوں

رعیت کسی کا بھی نہیں

چھپا یہ اُوتاد ہوں

دھوکا نہیں کرتا ہوں میں

ساتھی ہوں میں، امداد ہوں

ڈاکو نہیں، باغی ہوں میں

باغی ہوں میں، باغی ہوں میں

۳- میں سونے چاندی کو کبھی

رَبّ مانتا اپنا نہیں

زَر کے عوض اپنا وطن

میں نے کہیں بیچا نہیں

سگ بنکے روٹی کے لئے

بھاگا نہیں، بھونکا نہیں

مزدور ہوں، باغی ہوں میں

باغی ہوں میں، باغی ہوں میں

۴۔ تیر و تفنگ سے کھیلنا
ہے کام میرا صبح و شام
میں ڈاکوؤں کے راج کو
برباد کر دوں گا، تمام
ہے مفت خوری جرم ایک
چھینوں گا جاگیریں تمام
باغی ہوں میں، باغی ہوں میں

۵۔ حق کے لیے جاں توڑ کر
لڑتا ہوں میں، لڑتا ہوں میں
میدانِ گیرو دار کو
اپنا لہو دیتا ہوں میں
اور دشمنوں کو قوم کے
خوار و زبوں کرتا ہوں میں
کہتا ہوں سچ، باغی ہوں میں

باغی ہوں مَیں، باغی ہوں میں

۶۔ ڈاکو، لُٹیرے، چور کا
میں گھونٹ دیتا ہوں گلا
بنیادیں ظلم و جبر کی
میں کاٹتا ہوں برملا
آزاد کر کے ظلم سے
دُلہن بنا دوں گا وطن
یہ ہے میرا اس سے وَچَن
باغی ہوں میں، باغی ہوں میں

۷۔ اور مُتحّد کر دُوں گا میں
مزدور اور دہقان کو
ان پگڑی والوں کو بڑے
بھیجوں گا قبرستان کو

لے کر مٹا دوں گا حساب
بے رحم ساھوکار کا
سرمایہ دار و سود خور
بچ کر نہ جانے پائیں گے
باغی ہوں میں، باغی ہوں میں

۸۔ ٹھہریں گے میرے سامنے
ڈاکو، لٹیرے کب تلک
یہ مفت خورے بے حیا
اور شیخی خورے کب تلک
پڑتے ہی بس مجھ پہ نظر
سٹّی وہ گم کر جائیں گے
گردن سے پکڑوں گا انہیں
باغی ہوں میں، باغی ہوں میں

۹۔ گردن کو مَیں دوں گا مروڑ
دشمن کی اور غدّار کی
دائم سلا دوں گا اُنہیں
دامان میں کوہسار کے
گھبرانے والا کب ہوں میں
میدان میں یلغار سے
گِرتا ہوں رشکِ برق میں
اشرار پہ کہسار سے
باغی ہوں مَیں، باغی ہوں میں

۱۰۔ ہیجڑے، یہ بُزدل، بے حیا
ہیں جو لٹیرے پلتے
یہ غیر ملکوں کے دلال
ہیں ملک کو کنگالتے
بنیادیں ان کی یکقلم

دوں گا وطن سے میں اکھاڑ
باغی ہوں میں ، باغی ہوں میں

11 بے خوف ، جان و مال سے
جاری ہمارا کھیل ہے ۔
دائم نصیر ذکر سے
اپنا پرانا میل ہے
باری غریبوں کی ابھی
آئی بمشکل سیل ہے
اعلانیہ کہتا ہوں میں
باغی ہوں میں، باغی ہوں میں

# منی وطن منیگنت

۱۔ منی وطن، بیک پیچیں دیارے
منی وطن، دشت و کوہسارے
منی وطن، گوچگ و تیابے
منی وطن، پٹ و ریگزارے
منی وطن ہرچی اَست مُنیگنت

۲۔ منی وطن، بگجتانی کاھچر
منی وطن، بزگرانی ھنکین
منی وطن، کوچیانی پڑدر
منی وطن ھرچی اَست مُنیگنت

۳۔ منی وطن، کلنگانی تصویر
منی وطن، جہتگانی زمزیر

منی وطن ، گُنگُرانی بازار

منی وطن ، سرکلاتی شُشیر

منی وطن ہرچی اُست منیگنت

۴- منی وطن ، معدن ءِ خزانگ

منی وطن ، زَرّ و سھور ءِ چانگ

منی وطن ، پَنّت ءِ بہاتین ساوڑ

منی وطن ، پُمّن دُرّ ءِ دانگ

منی وطن ہرچی است . منیگنت

۵- منی وطن ، گندگنت کہ جوان انت

منی وطن ۔ پُمّن نیک گران انت

منی وطن ، مادرِنت بلوچ ءِ

منی وطن ، سیاہ سرءِ گدان انت

منی وطن ھرچی اُست ، منیگنت

۶- منی وطن ، زندگی ءِ سیت انت

منی وطن ، پاکیں مئے ہمیت انت

منی وطن ، مئے مئیار و ننگنت

منی وطن ، مئے رواج و ریت انت

منی وطن ہرچی اُست منیگنت

۷۔ منی وطن، پاشنت ریسیم و ڈنگ ءَ
منی وطن، بُرت نہ بیت گوں جنگ ءَ
منی وطن، گیہلا لی لو رِگنت
منی وطن، تو بڑے چپی رنگ ءَ
منی وطن ہرچی اَست مَنیگنت

۸۔ منی وطن، من دَیاں گواہی
منی وطن، دیستہ سک تباہی
منی وطن، پچ نہ داتہ رِحزمان
منی وطن، شئے نہ انت بہائی
منی وطن ہرچی است مَنیگنت

۹۔ منی وطن، نکتہ انت نصیر ءَ
منی وطن، کوٹ انت پِرند اُمیر ءَ
منی وطن، حملّ ءَ میثارِنت
منی وطن، پرچے نہ بیت گزیرہ ءَ
منی وطن ہرچی است، منیگنت

رِکلفش بھانہ جوالات
کراچی ۲۱ر جولائی ۱۹۶۵ء

(۴۰)

# میرا وطن

۱- میرا وطن، وسیع اور آزاد سرزمیں ہے
میرا وطن ہے دشت و کوہسار پر حسیں ہے
میرے وطن کا ساحل اور وادیاں کشادہ
میدان و ریگ و صحرا، یہ میری گلزمیں ہے
میرا وطن ہے میرا، جیسا ہے جس طرح ہے

۲- میرا وطن چراگاہ، گلوں کا، ریوڑوں کا
میرا وطن ہے ڈیرا، چرواہوں، دل جلوں کا
میرا وطن جفاکش دہقانوں کا ٹھکانا
میرا وطن ہے خیمہ، کوچئی بہادروں کا
میرا وطن ہے میرا، جیسا ہے جس طرح ہے

۱۔ خانہ بدوش

۳۔ آباد بستیوں کی، میرا وطن ہے تصویر
میرا وطن، دیہاتوں، گاؤں کی ایک زنجیر
البیلے خودسروں کا، میرا وطن ہے بازار
بیباک رہبروں کی، میرا وطن ہے شمشیر
میرا وطن ہے میرا، جیسا ہے جس طرح ہے

۴۔ میرا وطن ہے بے شک، معدن کا مال خانہ
میرا وطن ہے سونے چاندی کا ایک خزانہ
نپستِ[1] سیاہ کا ہے میرا وطن سمندر
میرے لئے وطن ہے دُرِّ عدن کا دانہ
میرا وطن ہے میرا، جیسا ہے جس طرح ہے

۵۔ میرا وطن برا ہے، اچھا ہے یا گزارا
میرا وطن ہے لیکن، مجھ کو بہت ہی پیارا
میرا وطن، بلوچوں کا مادر وطن ہے

[1] خام تیل

میرا وطن ہے ننگ و ناموس کا منارا

میرا وطن ہے میرا جیسا ہے جس طرح ہے

۶۔ میرا وطن ، ہماری ہے زندگی کا حاصل

میرا وطن ، ہماری مسجد ہے بالمماثل

میرا وطن ، ہماری ناموس و آبرو ہے

میرا وطن ، ہماری رسم ورواج ، منزل

میرا وطن ہے میرا جیسا ہے جس طرح ہے

۷۔ میرا وطن ہے ظاہر اور اس کی سرحدیں بھی

ہم سے لڑائی لڑ کر ، لے گا اُسے نہ کوئی

میرا وطن پیارا ، گھر ہے بہادروں کا

کس کی مجال چھینے ہم سے وطن ہمارا

میرا وطن ہے میرا جیسا ہے جس طرح ہے

۸۔ میرے وطن نے ، اس کی دیتا ہوں میں گواہی

دیکھی ہے ہر زمان میں ظلم و ستم تباہی

بیٹوں نے اس کے لیکن، بیچا نہیں ہے اُسکو

میرا وطن نہیں ہے شے بیچنے کی، راہی!

میرا وطن ہے میرا، جیسا ہے جس طرح ہے

۹۔ میرا وطن پیارا، تکیہ نصیر[۱] کا ہے

اور قلعہ و پناہگاہ، چاکر امیر[۲] کا ہے

میرا وطن پیارا، حمل[۳] کی آبرُو ہے

نہ خان و چودھری کا اور نہ گمزیر کا ہے

میرا وطن ہے میرا، جیسا ہے جس طرح ہے

۱۔ میر نصیر خان نُوری ۲۔ میر چاکر رند ۳۔ میر حمل جئیند کلمتی ھوت ۴۔ کوتوال